لکھنؤ

تعمیرِ حیات

پندرہ روزہ

ملت کے نوجوانوں سے.....

مسلمان ملت سے بندھا ہوا ہے، بُنا ہوا ہے، سلا ہوا ہے۔ وہ ملت سے الگ نہیں کیا جا سکتا ہے، جس طرح موج دریا سے الگ نہیں کی جا سکتی۔ موج کو دریا سے الگ کر دیا جائے تو موجوں کا وجود ہی ختم ہو جائے گا بلکہ پانی کا ایک قطرہ بھی باقی نہ رہ جائے، موج کا وجود دریا کے اندر ہے ہم سب ملت کی موجیں ہیں، اگر دریا ہے اور دریا رواں ہے، صاف شفاف ہے، ٹھہر نہیں گیا ہے، اس میں کوئی بو نہیں ہے، کوئی خرابی نہیں پیدا ہوگئی ہے تو موجیں کھیلتی رہیں، اچھلتی رہیں، کودتی رہیں سب ان کا احترام کریں گے، سب ان کو عزت کی نگاہوں سے دیکھیں گے، ان کا وجود تسلیم کریں گے، لیکن موجیں باہر کیسا ہی اچھلیں کودیں وہ سب عارضی ہیں جیسے شعلہ بھڑک کر بجھ جاتا ہے، موج جیسے باہر نکلی اس کا وجود ختم، ہم آپ اگر ملت سے کٹ گئے ہمارا وجود ختم!

حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی

Rs.20/-

۲۵ر اکتوبر تا ۱۰ر نومبر ۲۰۰۶ء

Postal Regd. No.LW/NP/63/2006to2008
R. N. I. No. UP. Urd/2001/6071
Fortnightly
Tameer-e-Hayat
Tagore Marg, Badshah Bagh, Lucknow-07
Vol. No.43 Issue No. 23
10 October. 2006
Ph. Off: 0522-2740406
Fax: 0522-2741834
E-mail: nadwa@sancharnet.in

Mobile: 09415786548
Phone: Shop. 0522-2274606
(R) 0522-2616731
Mohd. Akram Jewellers
محمد اکرم جویلرس

Ph:2266786
Mob:9415015169
ثناء جویلرس
SANA JEWELLERS
Riyaz Ahmad
Ghyas Ahmad
۳۰۱/۱۲ سرائے بانس، اکبری گیٹ، چوک لکھنؤ-۳
301/12, Sarai Bans
Akbari Gate, Chowk, Lucknow-3

Ph:2260433
جدید دلکش سونے، چاندی کے زیورات کیلئے ہمارے شوروم
گہنہ پیلیس
میں آپ کا خیر مقدم ہے
Gehna Palace
Whenever you see Jewellery
Think of us
حاجی عبدالرؤف خاں، حاجی محمد معروف خاں محمد فاروق خاں (چاند)
ایک مینارہ مسجد کے سامنے اکبری گیٹ، چوک لکھنؤ

لکھنؤ کے قدیم مشہور و معروف صندل سے تیار کردہ
خوشبودار عطریات
روغنیات، عرقیات، کولر پرفیوم، کار پرفیوم، روم فریشنر،
فلور پرفیوم، روح گلاب، روح کیوڑہ، عرق گلاب،
عرق کیوڑہ، اگربتی، ہربل پروڈکٹ
: کی ایک قابل اعتماد دکان :
ایک مرتبہ تشریف لاکر خدمت کا موقع دیں
تیار کردہ
اظہارسن پرفیومرس
اکبری گیٹ چوک لکھنؤ
برانچ C-5، جنپتھ مارکٹ، حضرت گنج
IZHARSON PERFUMERS
H.O. : Akbari Gate, Chowk, Lucknow
Tel.: 0522-2255257 Mobile : +91-9415009102
Branch : C-5 Janpath Market, Hazratganj
Lucknow 226001 U.P. INDIA Cell.91-9415784932
E-mail : izharsonperfumers@yahoo.com

Res: 2226177
Akbari Gate
2268845
Shop: 9415002532
2613736
3958875
سونے چاندی کی دنیا میں ۵۷ سالہ دیرینہ نام
حاجی صفی اللہ جویلرس
ہمارا نیا شوروم
گڑبڑ جھالا کے سامنے امین آباد لکھنؤ
HAJI SAFIULLAH JUWELLERS
Opp: Gadbad Jhala Aminabad, Lucknow-18

Editer: Shamsul Haq Nadwi Office. Ph: 2740406 Printed & Published by Athar Husain
On behalf Majlis-e-Sahafat-wa-Nashriyat at Azad Printing Press Mahboob Building Nazirabad, Lko. Ph:0522-2614685
DESIGNED BY HAMID Daliganj Lucknow. Mobile: 9415789282

مجاہدات کا میدان

انسان کے مجاہدات کا اصل میدان مسجد کا گوشہ یا خانقاہ کا حجرہ یا تسبیح وسجادہ نہیں، گھر اور بازار، سوسائٹی اور معاشرہ ہے اور اس میں سنت کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا جائے تو چلتے پھرتے سارے مجاہدے اور ساری منزلیں طے ہو سکتی ہیں، دشمن کے ساتھ کیا برتاؤ ہو، دوست کے ساتھ کیا رویہ رکھا جائے، گھر والوں کے ساتھ کس طرح پیش آئیں، پڑوسی کے کیا حقوق ہیں، معاشرہ میں ہماری اخلاقی ذمہ داریاں کیا ہیں، ناگوار باتوں کو کیسے برداشت کرنا چاہیے، خدمت وہمدردی کیا چیز ہے، یہ وہ اسباب ہیں جو مدرسہ ومکتب اور کسی یونیورسٹی ودرس گاہ میں نہیں بلکہ گھروں میں، سڑکوں پر، راستوں میں چلتے پھرتے اور بات کرتے پڑھائے جاتے ہیں، نیند سے بیدار ہوتے ہی آدمی کا سبق شروع ہو جاتا ہے اور یہ سبق اس کی تمام مشغولیتوں کے ساتھ خود بخود چلتا رہتا ہے، اس کو کسی نئے عمل کا اضافہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی، بلکہ اعمال کی نیت درست کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

(مولانا محمد الحسنی مرحوم)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تعمیر حیات لکھنؤ

پندرہ روزہ

اشاعت کا ۴۳واں سال

جلد نمبر ۴۳-۴۴ | ۲۵/اکتوبر-۱۰/نومبر ۲۰۰۶ء مطابق ۱-۱۳/شوال ۱۴۲۷ھ | شمارہ نمبر ۱-۲۴

زیر سرپرستی:

حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی

(ناظم ندوۃ العلماء لکھنؤ)

پروفیسر وصی احمد صدیقی

(معتمد مال، ندوۃ العلماء)

زیر نگرانی

مولانا محمد حمزہ حسنی ندوی (ناظر عام ندوۃ العلماء)

مجلس ادارت

مدیر عام: شمس الحق ندوی

مدیر مسؤل: نذر الحفیظ ندوی

نائب مدیر: محمود حسن حسنی ندوی

مجلس مشاورت

☆عبداللہ حسنی ندوی ☆محمد خالد ندوی غازی پوری

☆امین الدین شجاع الدین

زر تعاون

سالانہ-/۲۰۰ اس شمارہ کی قیمت-/۲۰

ایشیائی، یورپی، افریقی وامریکی ممالک-/۴۰ ڈالر

ڈرافٹ منیجر تعمیر حیات لکھنؤ کے نام سے بنائیں

ترسیل زر اور خط وکتابت کا پتہ

Tameer-e-Hayaat

Post Box No.93, Tagore Marg, Badshah Bagh Lucknow-226007

E-mail:nadwa@sancharnet.in فون (دفتر) (0522)2740406

مضمون نگار کی رائے سے ادارہ کا متفق ہونا ضروری نہیں ہے

ڈرافٹ منیجر تعمیر حیات کے نام بنائیں اور دفتر تعمیر حیات ندوۃ العلماء لکھنؤ کے پتہ پر روانہ کریں، چیک سے بھیجی جانے والی رقم قابل قبول نہ ہوگی۔ اس میں ادارہ کا نقصان ہوتا ہے۔ براہ کرم اس کا خیال رکھیں۔

پرنٹر پبلشر اطہر حسین نے آزاد پرنٹنگ پریس، نظیر آباد، لکھنؤ میں طبع کرا کے دفتر تعمیر حیات مجلس صحافت ونشریات ٹیگور مارگ، بادشاہ باغ، لکھنؤ سے شائع کیا۔

اس شمارے میں

شعر وادب

حضور رسالتمآب ﷺ — علامہ اقبالؒ

آدمی نامہ — نظیر اکبر آبادی — ۳۱

اداریہ

روزہ اور اس کا تحفۂ عید — حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی — ۳

عید گاہ کا پیغام

مسلمانوں پر ایک نظر...... — حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی — ۵

رمضان کا پیغام

رمضان المبارک کے بعد...... — شمس الحق ندوی — ۹

پونجی کہیں لٹ نہ جائے — سید بلال حسنی ندوی — ۱۰

شخصیت

علامہ سید سلیمان ندویؒ...... — پروفیسر سید سلمان ندوی — ۱۱

محمد الحسنی مرحوم: حیات وخدمات...... — محمد سلمان خاں ندوی — ۱۵

حرم مکی

حرم مکی۔ اعداد وشمار کی روشنی میں — نذر الحفیظ ندوی — ۱۳

تہذیب مغرب

اہل کلیسا کی بدعنوانیاں — سلمان نسیم ندوی — ۱۸

سیر وسیاحت

تین دن آرزوؤں اور حسرتوں کی سرزمین میں — مولانا عیسی منصوری (لندن) — ۲۳

تعارف وتبصرہ

رسید کتب — م۔ح۔ح — ۲۶

خبر ونظر

عالم اسلام کی خبریں — نثار احمد ندوی — ۲۸

اعلان

بخدمت محترم ومکرم فرزندان ندوۃ العلماء لکھنؤ — ۳۰

نتیجہ امتحان سالانہ ۱۴۲۷ھ — (دفتر اہتمام) — ۳۳

آپ کے پتہ کے کنارے خریداری نمبر کے نیچے کالی لکیر بنے تو سمجھئے کہ آپ کا زر تعاون ختم ہو چکا ہے۔ لہذا جلدی زر تعاون ارسال کریں اور حتی [illegible] آرڈر کوپن پر اپنا خریداری نمبر ضرور لکھیں۔ اگر فون یا موبائل نمبر ہو تو اپنے پتے کے کالم نمبر کے ساتھ لکھئے۔ منیجر تعمیر حیات

شعر وادب

حضورِ رسالتمآبؐ میں

از......................علامہ اقبالؒ

گراں جو مجھ پہ یہ ہنگامۂ زمانہ ہوا
جہاں سے باندھ کے رختِ سفر روانہ ہوا
قیود شام وسحر میں بسر تو کی لیکن
نظامِ کہنۂ عالم سے آشنا نہ ہوا
فرشتے بزمِ رسالتؐ میں لے گئے مجھ کو
حضور آیۂ رحمت میں لے گئے مجھ کو
کہا حضورؐ نے اے عندلیب باغِ حجاز
کلی کلی ہے تری گرمیٔ نوا سے گداز
ہمیشہ سرخوشِ جام ولا ہے دل تیرا
فتادگی ہے تری غیرتِ سجودِ نیاز
اڑا جو پستیٔ دنیا سے تو سوئے گردوں
سکھائی تجھ کو ملائک نے رفعت پرواز
نکل کے باغ جہاں سے برنگ بوآیا
ہمارے واسطے کیا تحفہ لے کے تو آیا
حضور دہر میں آسودگی نہیں ملتی
تلاش جس کی ہے وہ زندگی نہیں ملتی
ہزاروں لالہ وگل ہیں ریاض ہستی میں
وفا کی جس میں ہو بُو، وہ کلی نہیں ملتی
مگر میں نذر کو اک آبگینہ لایاہوں
جو چیز اس میں ہے جنت میں بھی نہیں ملتی
جھلکتی ہے تری امت ، آبرو اس میں
طرابلس کے شہیدوں کا ہے لہو اس میں

روزہ اوراس کا تحفہ.........عید

از......................حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی

رمضان المبارک کا مہینہ سال بھر کی عام زندگی میں ایک ہلچل پیدا کردینے والا مہینہ ہے۔اس میں ایک مسلمان کو اپنے عام طور وطریق کو بدل کر خدا تعالیٰ کی عبادت وفرمانبرداری اوراس کی خوشنودی کے حصول کا خاص اہتمام کرنا ہوتا ہے،شب وروز کا نظام،عبادت الٰہی میں مستعدی کے ساتھ چند پابندیوں پر مشتمل چلانا ہوتا ہے،پھراس کے نتیجہ میں پروردگار کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے اس کی ایک فوری علامت عید کا انعام ہے۔یہ عید،عیدالفطر کہی جاتی ہے،یہ روزہ کی پابندی ختم ہونے کی عید ہے،اس سے قبل روزہ کی پابندی تھی جو ختم ہوئی،لیکن یہ پابندی سزا نہ تھی بلکہ دینی ترقی کے لیے ایک خاص نظام العمل کو انجام دینا تھا،جس کو انجام دیدینا کامیابی کی اور فائدہ کی بات تھی جس پر مسرت ہونا فطری عمل ہے،یہی مسرت عید کی شکل میں عطا کی جاتی ہے،یہ عید مسرت اور فرحت لاتی ہے اوراسی کے ساتھ دینی کامیابی کا احساس پیدا کرتی ہے اورگذرے ہوئے مہینہ پر نظر ڈالنے کا موقع فراہم کرتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے وہ خاص عبادت پورا کرنے کی سعادت حاصل ہوئی جو اللہ تعالیٰ کی خاص خوشنودی کا باعث ہے،اور اسلام کی اہم عبادت ہے جس میں کئی طرح کے اطاعت وفرمانبرداری کے انداز پائے جاتے ہیں۔

روزہ اسلام کے پانچ بنیادی ارکان میں سے ایک بنیادی رکن ہے،یہ بنیادی ارکان اسلام کے وہ ستون ہیں جن پر دین اسلام کی عمارت قائم ہے ان میں سے ہر ستون کی حفاظت ضروری ہے تا کہ دین اسلام کی عمارت قائم رہے،اسلام کے ایک بنیادی رکن ہونے کے ساتھ روزہ کی جو خصوصیات اورفوائد ہیں ان پر انسان اپنی فطرت سلیمہ کے لحاظ سے غور کرے تو اس کو اس میں اپنی زندگی کے لیے کئی روشن پہلو نظر آئیں گے،اعلیٰ انسانی قدروں پر عمل کے لیے اپنی نفسانی خواہشات کو دبانے اوراپنی غرض اور خواہش کو نظر انداز کر کے اپنے پروردگار کے احکام کی بجا آوری اس کے اہم پہلو ہیں،روزہ کے ذریعہ انسان ایک طرف باطنی خوبیوں سے آراستہ ہونے کی کوشش کرتا ہے،اوردوسری طرف دوسروں کے دکھ وپریشانی کو اپنے تجربہ میں لاکر اپنے اندر ہمدردی اوررحم دلی کے احساس کو جگہ دیتا ہے۔

وہ صبح کے نمودار ہونے سے قبل اپنے بستر راحت سے اٹھ کر اس وقت کچھ کھاتا پیتا ہے،جس وقت بستر کی راحت چھوڑ کر...... کھانا پینا اس کو بار معلوم ہوتا ہے،پھر ناشتہ کے وقت بلا ناشتہ کے اوردوپہر کو کھانے کے وقت بغیر کھانے کے گذارنا پڑتا ہے،شام ہونے پر اس کے لیے حد مقرر ہے کہ اس سے قبل وہ پورا پرہیز رکھے اوروہ حد آتے ہی وہ دوسرے سب کام چھوڑ کر کچھ کھاپی لے،اس طرح وہ کھانے کے سلسلہ میں اپنی ضرورت اور پسند کے اوقات کے معاملہ میں اپنی مرضی سے دست بردار ہوتا ہے،اوراپنے پروردگار کی مرضی کی پابندی کرتا ہے،روزہ میں معاملہ صرف کھانے پینے ہی میں پرہیز وپابندی کا نہیں ہے بلکہ خواہش اور پسند کی دیگر متعدد باتوں سے بھی اس کو گریز کرنا ہوتا ہے،مثلاً جنسی تقاضہ کی طلب اور گفتگو میں دوسروں کی عیب جوئی اوراسی طرح کی دوسری بے احتیاطیاں جن میں انسانی نفس آزادی اختیار کرتا رہتا ہے،روزہ میں ان سے گریز کی پوری فکر کرنا پڑتی ہے،غذا میں وقت کی ایک خاص پابندی کے علاوہ دوسروں کی تنگ حالی کا احساس کرنے اوراپنی راحت وتکمیل ضرورت میں حصہ لینے کی ذمہ داری بھی اس کو نبھانا پڑتا ہے۔

یہ سلسلہ ایک ماہ چلتا ہے،اس طرح رمضان کا مہینہ انسانیت وشرافت اورخدائے واحد کے سامنے اظہار تابعداری وبندگی کی تربیت کا مہینہ بن جاتا ہے جس کو گزار کر انسان باطنی حالات کے لحاظ سے پاک وصاف طبیعت لے کر نکلتا ہے۔انسان کے یہ باطنی تربیت کا پروگرام کا کورس اگر انسان اس کے

ضوابط کے لحاظ سے سال بسال پورا کرتا رہتا ہے تو وہ سال بسال انسانی خوبیوں کا خوگر ہوتا جاتا ہے اور بہتر سے بہتر ہوتا چلا جاتا ہے، رمضان کا پورا ایک مہینہ ایسے عظیم، پاکیزہ اور پاکیزہ بنانے والے عمل میں گزرتا ہے جو انسان کو اپنے پروردگار کی نظر میں پسندیدہ بنا دیتا ہے، اللہ کے آخری نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ آدمی اپنے ہر عمل پر اس کی مقررہ جزاء کا مستحق ہوتا ہے، چنانچہ اس کو اس کا اجر اسی کے مطابق ملے گا، سوائے روزے کے کہ وہ خاص مجھ سے تعلق رکھتا ہے، اس کا اجر بھی اپنے خاص طریقے سے دوں گا، روزہ کی یہ خصوصیت ہے جو مذہب کے کسی اور معاملہ میں نہیں ہے۔

رمضان گزرتا جاتا ہے روزہ دار ترقی کرتا جاتا ہے، ایک عشرے بعد دوسرے عشرہ میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے مزید نعمت وبرکت اس کے لیے طے ہو جاتی ہے، پھر تیسرا اور آخری عشرہ شروع ہوتا ہے، اس میں اس کو مزید خصوصیت ملتی ہے کہ اس کی ایک رات جو نہایت عظیم رحمتوں اور برکتوں کی رات قرار دی گئی ہے وہ روزہ دار کو عطا کی جاتی ہے جو اپنے رتبہ کے اعتبار سے ایک ہزار مہینوں یعنی تیس ہزار دنوں پر بھاری ہے کیونکہ اس میں اللہ تعالیٰ اس زمین کو اپنے قرب خاص سے نوازتے ہیں، فرشتے روح القدس کے ساتھ صف بہ صف زمین کی طرف آتے ہیں، اور نورانیت کا سماں بنا دیتے ہیں، یہ رات لیلۃ القدر کی رات ہے جس کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے قرآن میں خاص طور پر فرمایا ہے، اس خاص نعمت خداوندی سے بھی روزہ دار سرفراز ہوتا ہے، وہ اس موقع پر اپنے پروردگار کو یاد کرتا ہے، اس کا ذکر کرتا ہے، تو وہ گویا اس کے خصوصی دربار میں حاضر ہو کر کرتا ہے اس سے اس کے عمل کی پذیرائی چند در چند ہو جاتی ہے۔

رمضان کے انتیس یا تیس دن ایسی نورانی کیفیات وحالات میں گزر کر عید الفطر کا دن آتا ہے، جو لطف وعبادت اور راحت وقبولیت دونوں کو سمیٹے ہوئے آتا ہے اس میں دنیاوی اور دینی دونوں لحاظ سے مسرت کا سامان ہوتا ہے ایک طرف تو اس کو اپنی جائز پسند وخواہشات کے مطابق زندگی گزارنے کی آزادی ملتی ہے۔

اور دوسری طرف پورے ایک ماہ اطاعت وفرماں برداری اور عبادت کے اجر کا فیصلہ ہوتا ہے اور اس کو اس کے انعام سے نوازا جاتا ہے اس بناء پر عید کی رات کو لیلۃ الجائزہ یعنی انعام کی رات کہا گیا ہے۔

رمضان اپنے حق ادا کرنے والے کو ایسی پاکیزگی عطا کر دیتا ہے جو اس کے لیے سال بھر کے لیے توشۂ برکت ورحمت بنتی ہے اور سال گزرنے پر پھر اس مبارک عمل کا موقع آجاتا ہے اور خیر وبرکت کا یہ پروگرام دوہرانے کا موقع میسر آجاتا ہے۔

رمضان کا مہینہ ایک مسلمان کو اس بات کے احساس سے واقف کرا دیتا ہے کہ اس زمین پر کتنے ایسے آدمی ہیں جو انسانی رشتہ سے اسی کی طرح ہیں لیکن اس کو بھوک برداشت کرنی پڑتی ہے اور کتنے ایسے ہیں جن کو ان کے انسانی تقاضوں کو پورا کرنے کا پورا سامان حاصل نہیں۔ رمضان یہ بھی بتاتا ہے کہ آدمی کو اپنے اردگرد رہنے والے اپنے ہم جنسوں کی تکلیف اور دکھ کو جاننا چاہئے اور اس میں اس کو ان کی کچھ نہ کچھ ہمدردی بھی کرنا چاہئے، اسی لیے ضرورت مند کی مدد، بھوکے شخص کو کھانا کھلانا رمضان کے بہت پسندیدہ کاموں میں قرار دیا گیا ہے، اور جب انسان روزہ رکھ کر بھوک کی تکلیف سے گزرتا ہے تو یقیناً اس کا احساس ہوتا ہے کہ بھوک کیا چیز ہے اور اس میں ہمدردی کیسا شاندار عمل ہے اور روزہ رکھ کر جب وہ نفس کے متعدد تقاضوں سے اپنے کو باز رکھنے پر مجبور ہوتا ہے تو اس کو اس بات کی مشق کا موقع ملتا ہے کہ وہ ہر بری باتوں سے اپنے نفس کو روکے جو قابل مذمت اور صالح زندگی سے ہم آہنگ نہیں ہیں، اس طرح رمضان انسان کو اچھا، نیک اور پاکیزہ بنانے کا ایک نظام عمل لے کر آتا ہے جو انسان کے لیے ایک ضروری نظام ہے جس میں انسان کی بہتری اور خوبی کا انتظام ہونے کے ساتھ اس کے پروردگار کی خوشنودی اور رضامندی کا بھی انتظام ہے جس کا ایک صلہ عید الفطر کی مسرت اور اصل صلہ پروردگار کی خوشنودی کا حصول اور اس کی طرف سے خصوصی جزاء ہے۔

☆☆☆☆☆

مسلمانوں پر ایک نظر

اور قلب پر تین اثر

از ......حضرت مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندویؒ

[آج سے ساٹھ سال قبل حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے لکھنؤ کے مسلمانوں سے عیدگاہ میں خطاب فرمایا تھا، اس وقت اس عظیم مجمع کو دیکھ کر ان پر جو اثر ہوا اس کی ترجمانی میں یہ موثر اور طاقتور تقریر انہوں نے فرمائی جو ہر مسلمان کے لیے چشم کشا ہے]

الحمد لله وسلام على عباده الذين اصطفىٰ

اس وقت کہیں مسلمانوں کی تعداد سن کر، اور ایک جگہ ان کا کوئی مجمع دیکھ کر دل پر تین قسم کے نہایت مختلف اثر ہوتے ہیں۔

مسرت، حیرت، حسرت

مسرت: اس کی کہ الحمد للہ! ایک وقت تھا کہ روئے زمین پر کلمہ گو انگلیوں پر گنے جاتے تھے اور یہ وہ تھے جو ساری دنیا کی اصلاح کو نکلے تھے اور پوری امت کہلاتے تھے۔

كنتم خير امة اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنهون عن المنكر وتومنون بالله (آل عمران)

تم ہو بہتر سب امتوں سے جو بھیجی گئیں عالم میں، اچھے کاموں کا حکم کرتے ہو اور برے کاموں سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان لاتے ہو۔

اور جن کو قریبی زمانہ میں زمین کا نقشہ اور قوموں کی تقدیریں بدلنی تھیں، اور جنھوں نے اس تعداد پر خشکی اور تری سے دشمنی مول لی تھی۔

مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے تین مرتبہ مسلمانوں کو شمار کیا گیا، پہلی مردم شماری میں مسلمانوں کی تعداد ۵۰۰ دوسری میں ۶۰۰ اور ۷۰۰ کے درمیان تھی، اور تیسری مرتبہ شمار میں مسلمان ڈیڑھ ہزار تھے اس تعداد پر مسلمانوں نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا، اور اطمینان کی سانس لی کہ اب ہم ڈیڑھ ہزار ہو گئے ہیں اب ہمیں کیا ڈر ہے، ہم نے تو وہ زمانہ دیکھا ہے جب ہم اکیلے نماز پڑھتے تھے اور پھر بھی ہر طرف سے دشمنوں کا خوف لگا رہتا تھا۔

بہرحال شکر کا مقام ہے، اور اللہ کا احسان ہے اور یہ احسان اس نے ایک جگہ جتایا ہے۔

واذكروا اذانتم قليل مستضعفون فى الارض تخافون ان يتخطفكم الناس فاوكم وايدكم بنصره ورزقكم من الطيبت لعلكم تشكرون۔ (الانفال)

اور یاد کرو جس وقت تم تھوڑے تھے مغلوب پڑے ہوئے ملک میں ڈرتے تھے کہ اچک لیں تم کو لوگ پھر اس نے تم کو ٹھکانا دیا اور قوت دی تم کو اپنی مدد سے اور عطا کیں تم کو پاک چیزیں تاکہ تم شکر کرو۔

ایک نبی نے اپنی قوم کو اللہ تعالیٰ کا یہ احسان اس طرح یاد دلایا۔

واذكروا اذكنتم قليلا فكثركم

اور یاد کرو جب تم تھوڑے تھے تو تمہیں زیادہ کر دیا۔

آج صرف ایک جگہ اسلام کے مرکز سے ہزاروں میل دور، مسلمان کہلانے والوں کی اتنی صورتیں نظر آسکتی ہیں جن سے بہت کم کو دیکھنے کے لئے آنکھیں ترستی تھیں اور خواب میں بھی نظر نہیں آتی تھیں، اور ان کے زرق برق لباس اور بیش قیمت پوشاک کی وجہ سے نظر نہیں ٹھہرتی۔

ایک وہ وقت تھا کہ مکہ کا نازوں کا پلا امیر زادہ مصعب بن عمیر کہ جو جس وقت مکہ کی گلیوں میں نکلتا تھا تو دو دو سو روپیہ سے کم کی پوشاک جسم پر نہ ہوتی تھی اور آگے پیچھے غلام ہوتے تھے، اور جس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت ہی محبت تھی، اور جس کے ہاتھ میں جنگ احد میں مسلمانوں کا جھنڈا تھا، جب احد میں شہید ہوتا ہے تو اسکے ترکہ میں اور مسلمانوں کے پاس اتنا نہیں ہوتا کہ اس کو فراغت سے کفن دے سکیں صرف ایک کمبل ہوتا ہے کہ جب اس سے سر چھپاتے ہیں تو پیر کھل جاتے ہیں اور پیر چھپاتے ہیں تو سر کھل جاتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ سر چھپا دو، اور پیر پر گھاس ڈالدو۔

حیرت: اور ایسی حیرت ہے کہ عقل کام نہیں کرتی اور سکتہ طاری ہو جاتا ہے کہ ان شتربانوں اور خانہ بدوشوں کی کیا کایا پلٹ ہوئی کہ پلک جھپکاتے میں شتربان سے جہان بان بن گئے، قیصر وکسریٰ کے تاج پیروں سے روندے، زمین کا جغرافیہ بدل دیا، دنیا کی تاریخ بدل دی، دنیا بدل دی،

پھر دیکھتے دیکھتے ایسی کایا پلٹ ہوئی کہ جہاں سے چلے تھے اس سے بھی پیچھے ہٹ گئے، وہ کیا چیز تھی جو آئی اور گئی؟ حیرت اس کی ہے کہ جب وہ مٹھی بھر تھے ایک گھر بھر بھی نہیں تھے تو بحر و بر پر چھائے ہوئے تھے، ہوا کی طرح کوئی جگہ ان سے خالی نہیں تھی، اور جب مور و ملخ کی طرح ہوئے تو ان کا نشان نہیں ملتا، سب سے بڑھ کر حیرت اس کی ہے کہ وہ بھی زیادہ سے زیادہ مسلمان کہلاتے تھے اور یہ بھی کم سے کم مسلمان کہلاتے ہیں، حیرت ہے، کہ کیا یہ مجمع جو دنیا میں سب سے زیادہ بے فکر و مطمئن نظر آتا ہے، فکر و تردد اس سے کوسوں دور معلوم ہوتا ہے جس کو بظاہر دنیا کے ہر کام سے فراغت ہو چکی ہے، یہی حقیقۃً دنیا کی سب سے بڑی گرانبار، ذمہ دار اور مصروف قوم ہے، جو روئے زمین سے برائی اور بداخلاقی دور کرنے اور گناہ اور ظلم مٹانے کے لئے، نیکی کی اشاعت، مظلوموں کی حمایت، امن کی حفاظت کے لئے بھیجی گئی ہے، کیا یہ اپنا کام ختم کر چکے، کیا دنیا سے برائیاں اور بداخلاقیاں دور ہو چکیں، کیا اب کسی پر اور خود اس پر ظلم نہیں ہوتا۔

کیا اسی کے حقیقی بھائیوں کے ساتھ مراکش، الجزائر، تونس، طرابلس، بخارا، سمرقند وغیرہ میں جانوروں سے بدتر سلوک نہیں کیا جا رہا ہے، دشمنوں کو ان کی حالت پر رحم آ رہا ہے، اور سوچنے والوں کی نیند اچاٹ ہو جاتی ہے اور کھانے پینے میں مزا نہیں آتا کیا ان کو اس کی خبر نہیں، یا اثر نہیں، دونوں حد درجہ حیرت ناک ہیں، کیا یہ جن کے چہروں پر فاتحانہ مسرت، لبوں پر کامرانی کی مسکراہٹ، آنکھوں میں شادمانی کی چمک ہے، دنیا کی وہی سب سے بڑی مصیبت زدہ اور بدبخت قوم ہے، جس پر روز بروز زمین تنگ ہوتی جا رہی ہے، اور جس کے وہ ملک ہاتھ سے نکل گئے، جو دل کے ٹکڑوں اور اولاد سے بڑھ کر تھے، جن کے ایک ایک بالشت کی قیمت مسلمانوں نے خالدؓ اور ابوعبیدہؓ، سعدؓ و معاذؓ طارق و محمد بن قاسم، نورالدین و صلاح الدین کی جان اور خون سے ادا کی تھی جن میں کا ہر ایک اس وقت کے کل مسلمانوں سے زیادہ قیمتی ہے کاش کہ ان میں کا ایک ہی ہوتا اور ان میں کا ایک بھی نہ ہوتا۔

کیا یہ وہی قوم ہے جن کی غیرتیں، جن کی آبرو، جن کے نبی کا ناموس، جن کا قبلہ و کعبہ اور جن کے شعائر دینی کسی وقت محفوظ نہیں۔

اور جن کی زندگی، اور موت، جن کے قلب اور دماغ، اور جن کی اولاد بھی دوسروں کے ہاتھوں میں رہے۔

کیا یہ وجیہ چہرے، یہ شاندار و باوقار صورتیں، یہ بارعب جسم وہی ہیں، جو تجربہ کار دشمن و دوست کی نظر میں سب سے زیادہ حقیر، بے وقار و بے رعب ہیں۔

واذا رایتھم تعجبک اجسامھم وان یقولوا تسمع لقولھم کانھم خشب مسندۃ، یحسبون کل صیحۃ علیھم (المنافقون)

اور جب تم ان کو دیکھو گے، ان کے جسم بڑے بھلے معلوم ہوں گے اور جب کچھ کہنے لگیں گے تو تم کان لگا کر سننے لگو گے (لیکن ان کی حقیقت کیا ہے) گویا کہ یہ ٹیک لگائی ہوئی لکڑیاں ہیں ہر آواز کو اپنے خلاف ہی سمجھتے ہیں۔

اور کیا یہ جو کاندھے سے کاندھا ملائے، پہلو بہ پہلو کھڑے ہیں، یہاں اور یہاں سے باہر عدالتوں میں، اور عدالتوں سے باہر دشمنوں کی طرح لڑ چکے ہیں اور لڑتے رہتے ہیں، یہ کاندھے سے کاندھا، پہلو سے پہلو ملائے ہوئے ہیں لیکن ان کے دل بالکل الگ الگ ہیں۔

تحسبھم جمیعاً وقلوبھم شتیٰ

تم ان کو اکٹھا سمجھتے ہو، حالانکہ ان کے دل علیحدہ ہیں۔

کیا وہ قوم قیامت تک بھی کبھی مسرور و مطمئن ہو سکتی ہے جس کی تاریخ میں ایک مرتبہ بھی اسپین کا واقعہ ہو چکا ہو، اور جس کے دوسرے ممالک بھی اسپین بن چکے ہیں، اور بنتے جاتے ہوں۔

کیا وہ قوم اطمینان کی سانس لے سکتی ہے جو اپنے نبی کی وصیت اخرجوا الیھود والنصاریٰ من جزیرۃ العرب (یہودیوں اور عیسائیوں کو جزیرۂ عرب سے نکالدو) پوری نہ کر سکتی ہو۔

کیا وہ قوم جس کے اوقاف و املاک (خصوصاً حجاز ریلوے جو بیواؤں اور یتیموں اور غریب مسلمانوں کے پیسہ پیسہ سے تیار ہوئی اور جو تمام مسلمانوں کی ملک ہے) پر غاصبوں کا قبضہ ہو، اپنے کو کچھ بااختیار سمجھ سکتی ہے۔

اور کیا وہ قوم جسکے ملک لاوارث مردہ کے مال کی طرح دوسروں میں تقسیم ہو سکتے ہیں وہ زندہ کہی جا سکتی ہے۔

حسرت: جتنا علم ہوتا جاتا ہے اتنے ہی آنکھوں سے پردے اٹھتے جاتے ہیں، اور دل کی حالت بدلتی جاتی ہے، اکثر اطمینان کے بجائے حیرت اور مسرت کے بجائے حسرت ہوتی ہے اسی لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے: لو تعلمون ما اعلم لضحکتم قلیلاً ولبکیتم کثیراً (اگر تم وہ جانتے جو میں جانتا ہوں تو تھوڑا ہنستے اور زیادہ روتے)

آپ جب دیکھتے ہیں کہ ایک ضعیف پیر مرد کے جوان جوان توانا و تندرست بیٹے اور پوتے ہیں تو آپ سمجھتے ہیں کہ یہ بڑھاپے میں اس کا سہارا اور آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں، ان کو دیکھ کر اس کا دل باغ باغ ہو جاتا ہوگا کہ جو باغ میں نے اپنے ہاتھ سے لگایا تھا وہ میری

زندگی میں پھل پھول رہا ہے، ایسے اقبال مند تھوڑے ہوتے ہیں۔ اس کی مٹی ٹھکانے لگے گی، مگر جب وہ پیر مردان کو دیکھتا ہے، تو دل پکڑ کر رہ جاتا ہے کہ ان میں سے ایک بھی مرتے ہوئے میرے حلق میں پانی ٹپکانے کا روادار نہیں، وہ کہتا ہے کہ کاش کہ یہ نہ ہوتے تو یہ حسرت تو نہ ہوتی کہ ہو کر کے بھی میرے نہیں۔

یہی حالت اس وقت ہماری ہے، اسلام جب اپنی اولاد پر نظر ڈالتا ہے تو کہتا ہے "بہت ہیں اگر کام کے ہوتے تو ان سے بہت کم بھی کافی تھے یہ سب میرے ہی نام سے پکارے جاتے ہیں، اور میرے ہی کہلاتے ہیں، لیکن ان میں سے میرے کام کے تھوڑے ہیں، خدا کا شکر ہے کہ آنکھوں پر پردہ پڑا ہوا ہے عیب چھپے ہوئے ہیں، اگر پردہ اٹھ جائے تو آنکھیں دیکھیں کہ کمزور کا، نقائص کا، عیوب کا اور گناہوں کا بازار اور میلہ لگا ہوا ہے اور ان زرق برق لباسوں میں بہت سے جانور اور درندے ہیں۔

لیکن اگر ہماری آنکھوں پر پردہ پڑا ہے تو عالم الغیب تو دیکھ رہا ہے، وہ صورتیں نہیں دیکھتا نام نہیں پوچھتا، وہ دل اور عمل دیکھتا ہے، ان اللہ لاینظر الی صورکم واموالکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم (اللہ تمہاری صورتیں اور تمہارے مال نہیں دیکھتا، بلکہ تمہارے دل اور اعمال دیکھتا ہے، وہ دیکھ رہا ہے کہ یہ انسان نہیں انسانوں کا کوڑا کرکٹ ہیں، جن میں دانے اور کام کے موتی بہت تھوڑے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تم پر قومیں اس طرح اکٹھا ہو جائیں گی جس طرح کھانے والے لگن پر، لوگوں نے پوچھا یا رسول اللہ ہماری تعداد کی کمی کی وجہ سے؟ فرمایا نہیں تم بہت ہو گے، لیکن تمہارا رعب ان کے دلوں سے اٹھ جائے گا۔ اور ان کا رعب تمہارے دلوں میں پڑ جائے گا، تم سیلاب کے کوڑے کرکٹ کی طرح ہو جاؤ گے۔

یہ تو اللہ دیکھتا ہے، لیکن ہم جو دیکھتے ہیں وہ یہ ہے کہ:

(۱) ان میں سے بیسیوں وہ لوگ ہیں جو کلمہ کے معنی نہیں جانتے اور شرک و توحید و رسالت کے متعلق سرے سے انکا کوئی عقیدہ ہی نہیں، ایسے بھی ہیں جن کو کلمہ بھی یاد نہیں، ایسے کثرت سے ہیں جن کے دل میں توحید پوری طرح سے نہیں اتری نہ شرک سے ان کو کوئی نفرت ہے۔ ایسے بھی کچھ کم نہیں کہ قرآن مجید کے مطابق صریح شرک و بت پرستی میں مبتلا ہیں۔

(۲) ایسے سیکڑوں ہیں جو اسلام کو بالکل نہیں سمجھتے، نہ کبھی سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں ان کو اسلام یا اسلامی نام گھر کے اور سامان اور روایات کیساتھ باپ دادا کے ترکہ میں ملا ہے، اس کے متعلق ان کو اور کوئی علم نہیں، وہ نہیں جانتے اللہ ان سے کیا چاہتا ہے، اسلام کے کیا حقوق اور شرائط ہیں، اسلام نے ان کی زندگی میں کوئی درستی یا فرق کیا یا نہیں۔

(۳) ایسے بہت ہیں جن کی زندگی اور موت کسی طرح اسلام کے مطابق نہیں اور ان کے رسم و رواج، شادی غمی، تمدن و معاشرت، وضع قطع، نشست و برخاست معاملات و تعلقات کسی سے بھی کوئی ان کو مسلمان نہیں سمجھ سکتا۔

(۴) ایسے اکثر ہیں جو کسی معنی میں اسلام اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لئے مفید نہیں، اور ان کا ہونا نہ ہونا برابر ہے۔

(۵) ایسے بہت ہیں کہ ان سے اسلام کے نام اور اس کی شہرت و عزت و کامیابی کو نقصان پہونچ رہا ہے، ان کو دیکھ کر اور ان کے ساتھ رہ کر لوگ اسلام سے بدعقیدہ اور کبھی مرتد ہو جاتے ہیں۔

(۶) بہت سے ایسے ہیں جن کو اسلام کے خلاف، اور مسلمانوں کو نقصان پہونچانے کے لئے، اسلامی شعار اور مقامات مقدسہ کی بے حرمتی کے لئے مفت اور بہت تھوڑی قیمت پر ہر وقت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(۷) ایسے بہت زیادہ ہیں جن کو اسلام کے ساتھ کوئی دلچسپی اور مسلمانوں کے ساتھ کوئی محبت و ہمدردی نہیں، ان کو ان کے مشکلات و ضرورت کا کوئی علم نہیں وہ یہ بھی نہیں جانتے کہ مسلمان کہاں کہاں بستے ہیں اور وہ ان کے لئے کیا کر سکتے ہیں۔

(۸) ایسے بھی ہیں جو مسلمانوں کو حقیر سمجھتے ہیں، مسلمان کہلانے سے شرماتے ہیں اور مذہب پر ہنستے ہیں۔

(۹) ایسے بہت ہیں جو اپنی اور مسلمانوں کی حالت پر قانع ہیں، انہیں اسلام اور مسلمانوں کی عزت غلبہ اور ترقی کے دیکھنے کا کبھی کوئی شوق اور ارمان نہیں ہوتا اور نہ موجودہ ذلت سے کوئی تکلیف ہوتی ہے، ان کو یہ چیز کوئی غیر معمولی نہیں معلوم ہوتی، بہت ایسے ہیں کہ خود اپنی نظر میں ان کی کوئی عزت نہیں، وہ اپنی قیمت نہیں جانتے، اپنی تاریخ اپنے ماضی اپنے اسلاف اور بزرگوں سے بالکل ناواقف ہیں، وہ کسی وقت ان پر فخر اور اپنے اسلام پر شکر نہیں کرتے، اور نہ ان کو ان کی پیروی کا شوق ہے، اور نہ کھوئی چیزوں کا افسوس، ان کے سامنے اسلام کا کوئی اصلی نمونہ اور اس کا کوئی بلند تخیل نہیں، اس لئے وہ ست دل شکستہ اور مایوس ہیں۔

(۱۰) اکثر ایسے ہیں جو محض دیکھا دیکھی اور رسمی مسلمان ہیں، اس لئے نہ ان کو اسلام کا علم ہے نہ اس پر فخر و شکر ہے نہ اس میں ان کو کوئی لطف ہے، اور نہ ان کے اخلاق و اعمال پر اس کا نور و برکت و اثر ہے۔

بتایئے کہ ایسے مجمع کو دیکھ کر کیا خوشی ہو، حقیقت میں آج کل جہاں مسلمان جمع ہو جائیں وہاں عقائد

وذہب کا عجائب خانہ، دینی وروحانی امراض کا بیمار خانہ، عیوب کا بازار لگ جاتا ہے مگر:

یہ رونے کی جا ہے تماشہ نہیں ہے

عبرت: اب مسرت وحیرت وحسرت کے بعد عبرت ہی کا درجہ ہے، مبارک ہیں وہ لوگ جو اس درجہ کو بھی طے کرلیں، ان فی ذلک لعبرۃ لاولی الابصار۔

آیئے ہم اپنا مقابلہ اسلام کے پہلے نمونوں سے کریں۔

(۱) صحابہ گنتی کے تھے اور تمام دنیا پر بھاری تھے

(۱) ہم لاتعداد ہیں اور زمین پر بھاری ہورہے ہیں

(۲) صحابہ بادشاہوں پر سلطنت کرتے تھے۔

(۲) ہمیں غلاموں اور غلاموں کے غلاموں کی غلامی بھی ہزار دقت سے نصیب ہوتی ہے۔

(۳) صحابہ کچھ نہ تھے اور سب کچھ ہوگئے

(۳) ہم سب کچھ تھے اور کچھ نہ رہے۔

(۴) صحابہ کی دنیا عزت اور اطمینان سے بسر ہوتی تھی اور آخرت اس سے کہیں بہتر۔

(۴) ہماری زندگی سخت ذلت فکر و پریشانی سے گزرتی ہے اور آخرت کی بھی بظاہر امید اچھی نہیں۔

اب ہمیں غور کرنا چاہئے کہ یہ کس چیز کی نحوست ہے اور وہ کس چیز کی برکت تھی۔ صحابہ کے پاس کونسا کیمیا کا نسخہ تھا، کیا کرامت تھی، ان کی زندگی میں بیٹھے بیٹھے کیا انقلاب ہوا جس سے دنیا میں انقلاب کردیا، ان کی پوری زندگی کا بغور مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے سوا کوئی قابل ذکر غیر معمولی واقعہ نہیں ہوا، کہ انہوں نے اپنی زندگی وموت، عقل ورائے، دل ودماغ، مرضی واختیار، اور اپنی پوری مشین کی کنجی ایک انسان کو سپرد کردی تھی، جو معصوم تھا، خود دنیا کا سب سے بڑا حکیم تھا، اور اس کے مشورہ وحکم سے کام کرتا تھا جس سے غلطی ہونی ممکن نہیں، اسی کی وحی سے بات کرتا تھا، اسی کی روشنی میں چلتا تھا، وماینطق عن الھویٰ ان ھوالا وحی یوحیٰ (رسول اپنی خواہشات سے بات نہیں کرتا، اس کی گفتگو محض وحی ہے جو بھیجی جاتی ہے) وہی ان کو اٹھاتا تھا بٹھاتا تھا، چلاتا تھا پھراتا تھا، جدا کرتا تھا، ملاتا تھا)۔

بھڑکتی نہ تھی خود بخود آگ ان کی
شریعت کے قبضہ میں تھی باگ ان کی
جہاں کردیا نرم نرما گئے وہ
جہاں کردیا گرم گرما گئے وہ

پھر دنیا کی کونسی قوت کونسی عقل تھی جو ان کا مقابلہ کرتی، وہ خدا کی تقدیر اور قضاء مبرم بن گئے تھے، جو ٹل نہیں سکتی تھی، وہ خود کیا کررہے تھے، اللہ اور اس کا رسول کررہا تھا۔

جس وقت اس نادان کمسن بچے (امت) نے اس اتالیق اعظم، اس مربی اکبر، اس دانا، جہاندیدہ کی انگلی چھوڑ دی، وہ پیچدار گلیوں میں بھیڑ میں پڑگیا، وہ جتنا چلتا ہے، اپنے گھر سے دور ہوتا جاتا ہے، چلاتا ہے اور روتا ہے، مگر کوئی اس کا ہاتھ نہیں پکڑتا، وہ بھوکا ہے اور پیاسا ہے، مگر کسی کو اس پر ترس نہیں آتا۔

وہ اتالیق اب بھی ان تمام لوگوں سے اس بچے سے زیادہ قریب ہے، زیادہ شفیق ہے، جن کی صورت یہ تکتا ہے مگر وہ منھ پھیر لیتے ہیں، جن کا ہاتھ یہ پکڑنا چاہتا ہے مگر وہ چھڑا لیتے ہیں، لیکن وہ بچہ اس کی طرف کسی طرح سے متوجہ نہیں ہوتا۔

معلوم ہوا کہ ہم میں اور ان میں جو فرق ہے وہ اتباع کا ہے، وہ نسخہ کیمیا (قرآن) اب بھی موجود ہے، استعمال کرنے کی دیر ہے، نسخہ استعمال کرنے والا اور نسخہ پڑھنے والا برابر نہیں ہوسکتے۔

قرآن مجید پڑھو یا پڑھوا کر سنو، فرائض واحکام کی فہرست دیکھو، جو کمی ہو پوری کرو، اپنی اپنی اصلاح کرو، کہ قوم کی اصلاح اسی طرح ہوگی۔

☆☆☆☆☆

MOHD. IRFAN

نیو کریم جویلرس

NEW KAREEM
JEWELLERS

دوکان نمبر ۱، بلد مارکیٹ، ایک مینارہ مسجد کے سامنے، اکبری گیٹ، لکھنؤ
فون نمبر: (S) 0522-2260890، موبائل: 9415006053

رمضان کا پیغام

رمضان المبارک کے بعد کیا ہم آزاد ہیں؟

از .... شمس الحق ندوی

رمضان المبارک، خیر و برکت اور اللہ رب العزت کے جود وسخا ورحمتوں کی بارش کا موسم بہار ہوتا ہے اور اس مہینہ کے ختم اور چل چلاؤ کا وقت آتا ہے تو رب کریم کی نوازشات بے پناہ ہوتی ہیں، اللہ کے رسولؐ نے فرمایا جب عید کی صبح ہوتی ہے تو حق تعالیٰ شانہ فرشتوں کو تمام شہروں میں بھیجتے ہیں۔ وہ زمین پر اتر کر تمام گلیوں اور راستوں کے سروں پر کھڑے ہوجاتے ہیں اور ایسی آواز سے جس کو جنات اور انسان کے سوا ہر مخلوق سنتی ہے پکارتے ہیں کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی امت! اس کریم رب کی بارگاہ کی طرف چلو جو بہت زیادہ عطا فرمانے والا ہے اور بڑے سے بڑا قصور معاف کرنے والا ہے، پھر جب لوگ عیدگاہ کی طرف نکلتے ہیں تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے دریافت فرماتے ہیں:

کیا بدلہ ہے اس مزدور کا جو اپنا کام پورا کرچکا ہو، وہ عرض کرتے ہیں کہ ہمارے معبود اور ہمارے آقا، اس کا بدلہ یہی ہے کہ اس کی مزدوری پوری پوری دے دی جائے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے فرشتو! میں تمہیں گواہ بناتا ہوں، میں نے ان کو رمضان اور تراویح کے بدلہ میں اپنی رضا اور مغفرت عطا کردی اور بندوں سے خطاب فرما کر ارشاد ہوتا ہے کہ اے میرے بندو! مجھ سے مانگو میری عزت کی قسم، میرے جلال کی قسم، آج کے دن اپنے اس اجتماع میں مجھ سے اپنی آخرت کے بارے میں جو سوال کروگے عطا کروں گا اور دنیا کے بارے میں جو سوال کروگے اس میں تمہاری مصلحت پر نظر کروں گا، میری عزت کی قسم، جب تک تم میرا خیال رکھوگے میں تمہاری لغزشوں پر ستاری کرتا رہوں گا، میری عزت کی قسم اور میرے جلال کی قسم، تمہیں مجرموں (اور کافروں) کے سامنے رسوا اور ذلیل نہ کروں گا، بس اب تم بخشے بخشائے اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ، تم نے مجھے راضی کردیا اور میں تم سے راضی ہوں، فرشتے اس اجر وثواب کو دیکھ کر جو اس امت کو افطار کے وقت ملتا ہے خوشیاں مناتے ہیں اور خوشی سے کھل جاتے ہیں۔

یہ ہے روزہ کا انعام اور صرف اللہ کی رضا کے لئے بھوکے پیاسے رہنے اور ذکر وتلاوت کا صلہ جو اللہ کے اجر وثواب ہی کی خاطر کیا گیا تھا، کیا انعام پانے والا خوشی میں سرمست ہوکر ایسے کام کرنے لگتا ہے جو اس انعام کے شایان شان نہ ہوں؟ کیا انعام پانے کے بعد اس کو یہ بھی کہہ دیا جاتا ہے کہ اب تم بخشے بخشائے ہو؟

کوئی بھی غلط یا برا عمل تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکتا، کیا رمضان کا روزہ دار جس نے اپنی حلال کمائی کو بھی پابندیوں کے اوقات میں نہ کھایا ہو، وہ اب رمضان کے بعد حرام مال کھائے گا؟ وہ اپنے بھائی، پڑوسی، حصہ دار اور دیگر لوگوں کے حقوق مارنا اور اس پر ناجائز قبضہ کرلینا درست وروا سمجھے گا؟ رمضان میں اس نے اپنی زبان کو جھوٹ، غیبت، چغلخوری اور فحش گوئی سے باز رکھا، کیا رمضان کے بعد اپنی زبان کو بے لگام چھوڑ دے گا؟ اس نے رمضان المبارک میں محتاجوں، یتیموں اور بیواؤں اور مسکینوں کو کھانا کھلایا، ضرورت مندوں کی ضرورت پوری کی اہل حق کے حقوق ادا کیے، صدقہ دیا، زکوۃ نکالا، بھوکوں کو کھانا کھلایا، جن کے پاس کپڑے نہ تھے ان کو کپڑے بنوادیئے، کیا یہی شخص اب یتیموں بیواؤں کے ہاتھ کا ٹکڑا چھینے گا؟، کیا خود کھائے گا بلکہ اس پر خوش ہوگا، جھلے کپڑے گا اترائے گا۔

کیا اب وہ امت مسلمہ کی دینی ملی ضرورتوں سے آنکھیں بند کرے گا اور اپنی دنیا میں مگن رہے گا؟ نہیں ہرگز نہیں! آقا کے اس فرمان نے کہ تم نے مجھے راضی کردیا، اور میں تم سے راضی ہوں ذمہ داریوں کو بہت بڑھادیا اور رمضان المبارک کی مشق نے اس کی صلاحیت بھی پیدا کردی ہے اور یہ سمجھادیا ہے کہ جس طرح تم نے یہ ایک مہینہ گذار کے دیکھ لیا کہ غلط کاموں سے بچنے اور نیک کاموں کے کرنے کی تم میں طاقت وصلاحیت ہے اسی طرح تم ہمت سے کام لو تو پوری عمر گذار سکتے ہو۔ اور آقا کے حضور بخشے بخشائے پہنچ سکتے ہو، جب یہ حقیقت ہے تو ہم کیوں نہ رمضان کے بعد کی زندگی بھی آقا کے حکموں کے مطابق گزاریں اور ہم کو بخشے بخشائے ہونے کی سند ملی ہے اس میں داغ دھبہ نہ لگنے پائے بلکہ اس اجر وثواب میں کسی ایسے گناہ کی آنچ وگرمی نہ پہنچنے پائے جو اس کو جلا کر اس طرح خاک کردے جیسے ماچس کی تیلی کہ دیکھنے میں کتنی حقیر ومعمولی ہے۔

(باقی صفحہ: ۱۷ پر)

رمضان کا پیغام

پونجی کهیں لُٹ نہ جائے

از.........سید بلال حسنی ندوی

مبارک مہینہ بہاریں لٹا کر رخصت ہوا، کتنے مردہ دلوں میں جان پڑ گئی، سوکھی کھیتیاں لہلہانے لگیں، روح کو غذا ملی، نیکیوں کا مزاج بنا، طبیعتوں میں احتیاط کا مادہ پیدا ہوا، برائیوں سے دوری پیدا ہوئی، نیکیوں کی ایک عام فضا بن گئی، کتنے فاسق وفاجر تھے جنہوں نے گناہوں سے توبہ کی، ایک دوسرے کے حقوق ادا کیے گئے، آپس کے جھگڑے چکائے گئے، کتنے اللہ کے بندوں نے رو رو کے دامن تر کر لیے، بہت کچھ مانگا اور بہت کچھ پایا، مسجدیں آباد، میکدے ویران، ذکر وتلاوت کی فضا، کم نصیب بھی محروم نہ رہے، ہر ایک کو ظرف کے مطابق ملا، رحمت الٰہی بارش کی طرح برسی ہر ایک کو اس کا حصہ ملا۔

ایک تعداد ان محروموں کی بھی رہی جو رمضان کی نعمتوں سے بھی محروم رہے اور اللہ کی رحمتوں سے بھی، غفلت ومعصیت کے اندھیرے میں روشنی کی کوئی کرن ان کو دکھائی نہ دی، ماہ مبارک آیا بھی اور گیا بھی، کس کو کیا ملا، محرومی کس کی قسمت بنی، سوچنے کی بھی نوبت نہ آئی، جھوٹ، غیبت، بہتان طرازی، حق تلفی، ایذاء رسانی، گالی گلوج انکا شیوہ، مسجد کا رخ پہلے بھی نہ کیا تھا، اب بھی کوئی سروکار نہیں، مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئے، لیکن سوچنے کی نوبت کبھی نہ آئی کہ گھر بیٹھے کیسی نعمت ہاتھ آئی ہے، کیا ذمہ داری ہے، اس سے فائدہ کس طرح اٹھایا جا سکتا ہے۔

بنیادی طور پر مسلمانوں میں دو طبقے ہیں، دوسرے طبقہ کو اب بھی مایوس ہونے کی ضرورت نہیں، صبح کا بھولا ہوا شام کو گھر آجائے تو اسے بھولا نہیں کہتے، گھر ابھی موجود ہیں اجڑا نہیں، ایمان کی چنگاری سینوں میں دبی ہوئی ہے اس کو ذرا سلگانے کی ضرورت ہے، گناہ کس سے نہیں ہوتے، بنی نوع انسانیت میں انبیاء کرام علیہم السلام معصوم ہیں اور اپنے جن خاص الخاص بندوں کو اللہ محفوظ رکھتا ہے وہ محفوظ ہیں، ورنہ خود مالک فرماتا ہے کہ تم سب قصوروار ہو لیکن تم میں سب سے بہتر وہ ہے جو توبہ کرنے والا ہو، در توبہ قیامت تک کے لئے کھلا ہوا ہے، ہر رات کے آخری حصہ میں مالک الملک کی جانب سے اعلان ہوتا ہے کہ کوئی توبہ کرنے والا ہے جس کی توبہ قبول کروں، اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے، مایوسی کی ضرورت نہیں بلکہ یہ تو اللہ کی نعمت کا انکار ہے، قدم بڑھانے کی ضرورت ہے، رمضان کے جانے کے بعد بھی اگر ہوش آجائے تو انشاء اللہ خیر ہی خیر ہے۔

جن اللہ کے بندوں نے رمضان سے پورا فائدہ اٹھایا، ایمانی کیفیات سے سرشار ہوئے، ایمان کی حلاوت پائی، ان کو بھی بڑی فکر کی ضرورت ہے، ڈاکہ وہیں ڈالا جاتا ہے جہاں مال ودولت ہو، ایمان کے ڈاکو گھات میں لگے ہیں کہ ذرا موقع ملے تھوڑی دیر کی بھی غفلت ہو وہ اپنا کام کریں، اس طبقہ کے لئے بہت ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے، پونجی جو اتنی محنت سے حاصل کی ہے وہ کہیں لٹ نہ جائے، ایک لاکھ روپیہ اگر گھر میں ہیں اور ذرا بھی چوری کا خطرہ ہے تو رات رات بھر نیند نہیں آتی، ہر وقت ایک دھڑکا لگا رہتا ہے، رمضان مبارک سے جو ایمان کی کیفیت ملی ہے اس پر پوری دنیا قربان، اس کی حفاظت سب سے زیادہ ضروری ہے، کسی عارف نے بڑے پتہ کی بات کہی کہ اللہ کی طرف سے اگر کوئی خیر کی کیفیت حاصل ہو جائے تو اس کی نگہداشت ضروری ہے، اس کی مثال غیور مہمان کی ہے خاطر داری میں اگر ذرا بھی کوتاہی ہوئی تو رخصت، اسی طرح ان ایمانی کیفیات واعمال کا مسئلہ ہے ذرا بھی چوک ہوئی تو محرومی۔

نمازوں میں خشوع کی کیفیت عنقا ہوتی جارہی ہے، حدیث میں آتا ہے کہ ایک زمانہ وہ ہوگا کہ مسجدیں نمازیوں سے آباد ہوں گی لیکن خشوع سے خالی ہوں گی، اس مبارک مہینہ میں کتنے اللہ کے بندوں نے بڑی کوشش سے یہ کیفیت پیدا کی ہے اب اس کی حفاظت ضروری ہے، بعض مرتبہ تھوڑی دیر کی غفلت بڑا نقصان کر دیتی ہے کوئی کسی بری لت میں پڑا تھا اس مبارک مہینہ کی برکت سے وہ لت چھوٹی اب اس کی شدید ضرورت ہے کہ اس پر استقامت اختیار کی جائے، آدمی جس برائی کا خوگر ہو جاتا ہے اس کا چھوڑنا اور پھر اس پر جمنا کوئی آسان کام نہیں۔ اکثر اس کی برائی ذہنوں سے نکل جاتی ہے، اگر کسی سود خور کو شراب پینے کی دعوت دی جائے یا شراب کے لتی کو سور کھانے کے لئے کہا جائے تو شاید آسانی سے تیار نہ ہو، حالانکہ سود کسی شراب اور سور سے کم نہیں، اس مبارک مہینہ میں یہ چھوٹی ہے، آدمی پھر اس کے قریب نہ ہو، اس کا نسخہ یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ آدمی ایسی برائی سے اتنا دور رہے کہ پھر اس کا خیال بھی نہ آئے ورنہ اس کا خطرہ ہے کہ اگر ذرا بھی اس سے قریب ہوا تو پھر بچنا سخت مشکل ہے، شیطان مستقل گھات میں لگا ہوا ہے۔

رمضان کے ختم ہوتے ہی ایک آزادی محسوس ہوتی ہے، یہیں پر آدمی غچہ کھا جاتا ہے، احتیاط کا جو مزاج بنا تھا اس کو باقی رکھنا ہے، رمضان کا مقصد یہی ہے لعلکم تتقون، تاکہ تمہارے اندر احتیاط کا مزاج پیدا ہو جائے، کیوں احمق ہے جو اچھائی کو برائی سے بدلے، نیکی کو بدی سے بدلے، خیر کے بدلے میں شر کو حاصل کرے، لیکن دنیا کا نظام یہ ہے کہ حفت النار بالشهوات وحفت الجنة بالمکاره جہنم کو خواہشات سے اور جنت کو ناپسندیدہ چیزوں سے گھیر دیا گیا ہے، نگاہ مقصد اور نتیجہ پر ہونی چاہئے اس میں ناکامی نہ ہو، اس کے لئے پتہ ماری کی بھی کچھ ضرورت پڑتی ہے۔ رمضان رخصت ہوا لیکن اپنے پیچھے اپنے چاہنے والوں کو پیغام دے گیا کہ تقویٰ کی جو سوغات تم نے مجھ سے حاصل کی ہے اس کو کہیں کھو نہ دینا۔

☆☆☆☆☆

شخصیت

دوسری قسط

علامہ سید سلیمان ندویؒ

درکف جام شریعت، درکف سندان عشق

از.........پروفیسر سید سلمان ندوی (فرزند علامہ سید سلیمان ندویؒ)

تو Already دو اسکول ہیں، حیات شبلی میں ایک عنوان قائم کیا گیا ہے: ''شبلی کے معتقد اور منتقد'' اس میں انہوں نے لکھا تھا بلکہ علامہ شبلیؒ پر جن لوگوں نے تنقید کی ہے اس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ''بہر حال شبلی شبلی تھے، جنید وشبلی نہ تھے''، یہ فقرہ اتنا بلیغ ہے کہ اس کو سمجھنے والے سمجھ سکتے ہیں، کہ ظاہر ہے کہ شبلی شبلی تھے جنید وشبلی نہ تھے، ممکن ہے ان سے کچھ مسامحات ہوئی ہوں تو یہ تو انسان کا خاصہ ہے، اس سے اس کی اصلیت پر کوئی فرق نہیں پڑتا اور پھر انہوں نے شعر لکھا کہ جو غصے اور عداوت کی نگاہ ہے وہ ہمیشہ برائیوں پر پڑتی ہے اور جو محبت کی نگاہ ہے وہ برائی میں بھی اچھائی ہی پر نظر پڑتی ہے۔

اور اس طرح سے یہ سلسلہ چلتا رہے اور سیرت النبی کی ساتوں جلدیں الحمد للہ پوری ہوئی، دارالمصنفین قائم ہوا اور ان کے رفقاء کام کرتے رہے، ندوہ میں کام ہوتا رہا، لیکن ظاہر ہے کہ چونکہ پوری زندگی ان کی ایسی تھی کہ جس میں کوئی ایسی چیز نہیں تھی جو قابل اعتراض کہی جائے، فقہ میں ان کو توسع تھا اور علمی لحاظ سے ماشاء اللہ الحمد للہ یہی وجہ تھی کہ ان کو مغرب اور مشرق دونوں میں قبولیت حاصل ہوئی بلکہ اس زمانے کے لکھنے والوں نے یہ لکھا کہ یہ قدیم وجدید کے درمیان کا صلہ اور اس کے مابین اتصال اور سفیر ہیں، مغرب کی پوری چیزوں سے واقف، قدیم کی تمام چیزوں سے واقف، اسی لیے ان کے جو کمالات تھے وہ سب پر ظاہر تھے، وہ اپنے بام عروج پر اس وقت تک پہنچ چکے تھے، مولانا شبلیؒ کا انتقال ۱۹۱۴ء میں ہوا، مولانا فراہی کا انتقال ۱۹۳۰ء میں ہوا اور تقریباً یہ زمانہ ہے ۲۷-۱۹۲۸ء کا، تو اب ان کو یہ خیال پیدا ہونا شروع ہوا تھا کہ اب عمر کی وہ منزل آرہی ہے جہاں یہ علوم قلب کے اطمینان کا باعث نہیں، چنانچہ مکتوبات سلیمانی (دو جلدوں میں ہے) جو مولانا عبدالماجد دریابادیؒ کے نام ہے ان کو ذرا آپ پڑھیں اس میں ایک جگہ انہوں نے لکھا ہے کہ میں اپنی عمر کی اس منزل میں ہوں جہاں علوم ظاہر میرے اطمینان کا باعث نہیں اور نگاہ کسی گوشۂ عافیت کی تلاش کرتی ہے، معیار اتنا اونچا ہے کہ نگاہ کہیں جمتی نہیں، نظر بار بار تھانہ بھون کی طرف اٹھتی ہے، لیکن جب جب وہاں سے قریب ہونا چاہا کوئی ایسا مختلف فیہ مسئلہ چھیڑ دیا گیا جس کا مجھے جواب دینا پڑا، اور اس میں سب سے بڑا مسئلہ اور نازک مسئلہ جو تھا وہ مولانا شبلیؒ اور مولانا فراہیؒ کی تکفیر کا تھا، ۱۹۳۶ء میں یہ سلسلہ شروع ہوا، اور ۱۹۲۸ء میں اسی سلسلے میں کہی گئی ان کی ایک غزل ہے جب وہ حیران ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ سلسلہ شروع کیا جائے کہ ؎

جی میں آتا ہے کہ اب ترک مے وساغر کروں
پر یہ بتلادے کوئی کیسے کروں کیونکر کروں
آنکھ میں توبہ کے آنسو، دل میں اس بت کی ہوس
ہائے گنگا جل کو کیسے شبنم وکوثر کروں

اس سے اندازہ کیجئے کہ کس منزل کی طرف وہ بڑھ رہے تھے، مولانا عبدالماجد دریابادیؒ اور مولانا عبدالباری صاحب ندویؒ دونوں تھانہ بھون پہنچ چکے تھے، ان کی کوشش والد ماجد کو قریب لانے کی تھی، لیکن مسئلہ مولانا شبلی اور مولانا فراہی کی تکفیر کا تھا، اس وقت مسئلہ یہ ہوا تھا کہ مولانا شبلی کی ''الکلام'' شائع ہوئی تھی اور اس میں فلاسفۂ قدیمہ کے جو اعتقادات تھے ان کو کسی نے نقل کر کے مولانا تھانوی کو بھیج دیے تھے کہ ایسا ایسا کہنے والے کے بارے میں کیا فتویٰ ہے، تو مولانا تھانوی نے اس کو مفتی کفایت اللہ صاحب کے پاس اور بھی دوسرے علماء کے پاس بھیج دیا، ان حضرات کا فیصلہ یہ تھا کہ ایسا کہنے والا یا ایسا اعتقاد رکھنے والا کافر ہے، تو جب یہ مضمون اور یہ فتویٰ شائع ہوا تو ظاہر ہے کہ اس سلسلے میں مولانا عبدالماجد دریابادیؒ اور مولانا عبدالباری صاحب کو بہت ہی تکلیف تھی، والد ماجد نے بہت ہی سخت مضمون لکھا ''غوغائے تکفیر'' کے نام سے اور اس میں مولانا شبلی کا ایک شعر لکھا کہ ؎

دن رات کیا کرتے ہیں مسلمانوں کی تکفیر
بیٹھے ہوئے کچھ ہم بھی تو بیکار نہیں ہیں

اور اس کے بعد اس کا جواب دیا۔ ''النور'' رسالہ تھانہ بھون سے نکلتا تھا، اس کے ایڈیٹر مولانا ظفر احمد عثمانی تھے ان کو مخاطب کر کے وہ مضمون لکھا

اور اس کا آخری جملہ یہ تھا کہ مولانا شبلی اب اس بارگاہ میں ہیں جہاں وہ ہماری اور آپ کی اس بحث سے مستغنی ہیں اور آپ کا اصرار جرم مولانا شبلی کو جنت سے جہنم میں نہیں پھینک سکتا اور میری اصرارِ براءت ان کو جہنم سے جنت میں نہیں لا سکتی، اور اس مضمون کو ختم کیا کہ ؂

کامل اس فرقۂ زہاد سے اٹھا نہ کوئی
کچھ ہوئے تو یہی رندانِ قدح خوار ہوئے

تو مولانا تھانوی کو بھی لکھا، مولانا تھانویؒ نے تو اس فتوی سے رجوع کیا، ''ترجیح الراجح'' کے نام سے تھانہ بھون سے ایک رسالہ نکلتا تھا جس میں مولانا تھانویؒ کے فتاوی ہوتے تھے اور ان سے رجوع ہوتا تھا تو مولانا تھانوی نے وہ رجوع پھر اس کے اندر شائع کیا، کسی مسئلہ پر رجوع کرنا آسان کام نہیں ہے، یہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جو اپنے قلب کا محاسبہ کرتے ہیں، ان کو اللہ تعالیٰ کے سامنے جوابدہی کا احساس ہوتا ہے، مولانا تھانویؒ نے جب اس سے رجوع کیا تو یہ بھی لکھا کہ ''میرا اصول ہمیشہ یہ رہا ہے کہ کوئی اگر مجھے کوئی اقتباس بھیجتا ہے تو میں اس کو اصل کتاب منگوا کے دیکھ لیتا ہوں، اس مرتبہ میں نے یہ نہیں کیا اور میں نے مفتی کفایت اللہ کی دستخط پر اعتماد کر کے دستخط کر دی لیکن جب میں نے اپنے اصول سے انحراف کیا ہے مجھے پچھتانا پڑا ہے''۔

اس طرح وہ مسئلہ ختم ہوا لیکن ظاہر ہے کہ ۱۹۳۶ء کا یہ مسئلہ خاصے دنوں تک رہا، یہاں تک کہ ۱۹۳۸ء میں مولانا تھانویؒ علاج کے لئے لکھنؤ آئے، ملاقات وہاں ہوئی، پھر اور بھی ملاقاتیں ہوتی رہیں، پہلی ملاقات جو حضرت تھانویؒ سے ہمارے والد ماجد کی ہوئی وہ تھانہ بھون میں ہوئی، اور اس طرح سے ہوئی کہ یہ سن گن ندوہ والوں کو پہنچ چکی تھی کہ سید صاحب تھانہ بھون کی طرف دیکھ رہے ہیں، کچھ ہے، ندوہ والوں کو بڑا اس پر اعتراض تھا اور بہت ہی صدمہ کا عالم تھا کہ آخر سید صاحب میں ایسی کون سی کمی تھی جو اس کے لیے تھانہ بھون جانا پڑا اور کیا انہوں نے اپنے اندر کمی محسوس کی کہ جس کے لیے وہ وہاں جائیں، تو جب وہ تھانہ بھون پہنچے بغیر اطلاع کے پہنچے، مولانا تھانوی نے لکھا ہے اور ذکر بھی کیا ہے کہ ''خبر سنتے ہی حاضر ہوا'' میرے ذہن میں ان کا جثہ طویل وعریض تھا لیکن متوسط القامت اور متوسط الجثہ پا کر دل مسخر ہی ہو گیا، (پھر لکھا کہ کتنی دیر تک بیٹھے رہے، یہ ہوا وہ ہوا) اور جب چلنے لگے تو میرے والد ماجد نے ان سے آہستہ سے کچھ کہا، مولانا تھانویؒ نے اس کا کچھ جواب دیا تو اس سے والد ماجد پر ایک رقت طاری ہوئی، گریہ طاری ہوا، اور اس کے بعد ایک دوسرے سے مصافحہ ہوا اور روانہ ہو گئے، تو لوگوں کو یہ کھوج رہی کہ یہ ہوا کیا؟ اور واقعہ کیا پیش آیا؟ تو پوچھے کون؟ خواجہ عزیز الحسن صاحب مجذوب ہی پوچھ سکتے تھے، چنانچہ ان کو لوگوں نے اکسایا کہ بھئی! آپ پوچھئے کہ ذرا واقعہ کیا پیش آیا؟ انہوں نے کسی دن طبیعت میں ذرا انشراح دیکھا تو انہوں نے مولانا تھانویؒ سے کچھ کہا کہ حضرت! سید صاحب کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا؟ انہوں نے کہا: بھئی! مجھ سے جب انہوں نے کہا کہ مجھے کچھ نصیحت کیجئے تو میں نے اپنے دل میں سوچا کہ اتنے بڑے عالم فاضل کو میں کیا نصیحت کروں، اس وقت اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں یہ القا کیا اور میں نے ان سے یہ کہا کہ حضرت! ''میں نے جو اپنے بزرگوں سے سنا ہے وہی سنائے دیتا ہوں کہ اپنے نفس کو مٹا دینا چاہئے، اس پر سید صاحب پر یہ گریہ طاری ہوا''۔

ظاہر ہے پہلا قدم جو تصوف میں ہے اس میں یہی ہوتا ہے کہ اپنی اَنا کو دبانا پڑتا ہے، اپنی انانیت ختم کرنی پڑتی ہے، اور سارا ذکر وفکر، سارے مراقبے سب اُسی کے لیے ہوتے ہیں، یہ اَنا جو ہے یہ بیچ میں جب آتی ہے تو یہی فساد پیدا کرتی ہے، یہی فتنہ پیدا کرتی ہے، بہر حال بہت لمبا مسئلہ تھا، خیر! اس کے بعد تقریباً دو تین سال کا عرصہ گزرا، مولانا تھانویؒ کے یہاں یہ شرط تھی کہ اتنے خطوط آئیں، چالیس پچاس خطوط آئیں تب اس کے بعد معاملہ ہوگا تا کہ طبیعت کی مناسبت کا علم ہو، مگر وہ واقف تھے پہلے سے، ابھی چند ہی خطوط گئے تھے کہ انہوں نے بیعت کر لیا اور بیعت کا زمانہ تقریباً ۱۹۴۲ء وغیرہ کا ہے، یعنی اتنی دیر کا ہے، واقعی اتنی دیر لگی وہاں پہنچتے پہنچتے، تو فارمل تعلق بیعت کا جو قائم ہوا تو یہ ہوا اور مولانا تھانویؒ کی خدمت میں یہ شعر گزارا ؂

دور سے آیا ہوں ساقی دیر سے آیا ہوں میں
ہو عطائے خاص مجھ کو جو عطائے عام ہے

اور اللہ تعالیٰ نے دیا، اسی زمانے کی ان کی یہ غزل تھی ؂

اُف ری دریائے معاصی کی تلاطم خیزی
وہ سفینہ جو کرے پار کہاں سے لاؤں
ٹوٹ ہی جاتی ہے ہر موسم گل میں توبہ
جو نہ ٹوٹے میرے غفار کہاں سے لاؤں

(باقی آئندہ)

حرم مکی - اعداد وشمار کی روشنی میں

از: .... نذر الحفیظ ندوی

سعودی عرب کی مملکت کا قیام ایسے زمانہ میں ہوا جب کہ ترکی مردِ بیمار (مغربی تعبیر) آخری سانسیں لے رہا تھا، عثمانی سلطنت یا خلافت عثمانیہ کا خاتمہ اسلامی تاریخ کا سب سے بڑا المیہ اور امت مسلمہ کا دینی وملی سانحہ تھا جس کے اثرات اور نتائج نہ معلوم کب تک اسلامی دنیا کو بھگتنے پڑیں گے، لیکن امت مسلمہ کے سر سے گذرنے والا یہ طوفان اپنی نوعیت کا پہلا سانحہ یا نیا طوفان نہیں تھا، پوری اسلامی تاریخ ایسے حوادث سے بھری ہوئی ہے اور یہ امت ان سب سے کامیابی وکامرانی کے ساتھ نکلتی رہی ہے، خلافت عثمانیہ کے زوال کے بعد بھی یہی ہوا کہ اس کی جگہ بڑی حد تک مملکت سعودی عرب نے سنبھالی، بقول اقبال: جہاں میں اہل ایمان صورت خورشید جیتے ہیں

راقم [illegible] کتاب مغربی میڈیا کے آخری باب میں [illegible] سلامی دنیا کے روشن مستقبل کی طرف اشارہ [illegible] ے ہوئے لکھا ہے کہ سعودی عرب کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ اس نے خلافت عثمانیہ کی حیثیت کو اس طرح بحال کیا کہ پہلے پہل اس نے حجاز مقدس کو سیاسی اور معاشی اعتبار سے مضبوط کیا، پھر پوری دنیا کے مسلمانوں کی دینی واخلاقی نگرانی وسرپرستی اپنے ذمہ لی، اللہ تعالیٰ نے اس کو جس دولت سے مالا مال کیا تھا اس سے اس نے خود بھی فائدہ اٹھایا، اپنی سرزمین پر مسلمانوں کو بلا کر ان کے مادی، اخلاقی حالات کو درست کرنے میں مدد دی، تو دوسری طرف غیر مسلموں کی بڑی تعداد نے عملی زندگی میں مسلمانوں کو براہ راست دیکھا، اور خاصی تعداد نے اسلام کو قبول بھی کیا۔

تیسری طرف پوری دنیا میں مسلمانوں کے دینی وملی ادارے، تعلیمی اور رفاہی مراکز جو کام کر رہے تھے ان کا جائزہ لے کر ان کے کاموں کو مزید بڑھایا، مساجد اور مدارس کی دل کھول کر مدد کی، عیسائی مشنریز ہزاروں ارب ڈالر اور بڑی بڑی فوجی حکومتوں کی سرپرستی میں تبلیغ کر کے عیسائیت پھیلانے میں مشغول تھیں، سعودی عرب نے کویت اور دیگر عرب ممالک کے تعاون سے اور تنہا بھی ان عیسائی مشنریز کے کارناموں پر پانی پھیر دیا، یورپ وامریکہ میں مقیم مسلمانوں کی دینی ضرورتوں کی تکمیل کے لئے مساجد اور اسلامی مراکز کے قیام میں بڑی فیاضی سے مدد دی، درجنوں خیراتی اور رفاہی ادارے کام کر رہے تھے، بڑے پیمانے پر اسلامی لٹریچر انگریزی، فرنچ، جرمنی اور عالمی ومقامی زبانوں میں چھپوا کر تقسیم کئے، دو درجن سے زائد زبانوں میں خود رابطہ عالم اسلامی نے قرآن مجید کے ترجمے اہل زبان سے کروا کر چھاپے اور تقسیم کئے، ان تمام دعوتی کاموں کی تفصیلات کے لئے ہزاروں صفحات چاہئے یہاں ان کی تفصیل کا موقع نہیں، ہم یہاں صرف حرم مکی کی دوسری توسیع کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں جس کا مرحلہ ۱۹۸۸ء میں شروع ہوا اور ۱۹۹۸ء میں پایہ تکمیل کو پہونچا۔

حرمین شریفین کی تاریخ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی تاریخ کے ہر دور میں خلفاء، امراء، وزراء نے ان دونوں مقدس مقامات کی تعمیر اور دیکھ بھال میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے کی کوشش اور اس کام کو اپنی نجات کا ذریعہ سمجھا۔

سعودی عرب کی مملکت کے قیام کے بعد ملک عبدالعزیز نے سب سے پہلے پورے ملک کو امن وامان کا گہوارہ بنا دیا، پھر انہوں نے حرمین شریفین کی توسیع وتعمیر اور حجاج کرام کی سہولت کی طرف توجہ مبذول کی، شاہ سعود کے دور میں حرمین شریفین کی سب سے بڑی توسیع ہوئی، لیکن اتنی غیر معمولی وسعت کے باوجود حرم مکی میں دوبارہ توسیع کی ضرورت کا شدت سے احساس ہونے لگا، بالآخر ملک فہد نے حرم مکی کی توسیع کے ایک منصوبے کو منظور کر لیا جو ماہرین نے بڑی محنت سے تیار کیا تھا، ملک فہد نے ۲ر صفر ۱۴۰۹ھ مطابق ۱۳ر ستمبر ۱۹۸۸ء کو اس نئی تعمیر کا افتتاح کیا، انہوں نے ایک صحافی کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے اس وقت کہا تھا کہ حرمین شریفین کی توسیع وتعمیر کے لئے ہمارا بجٹ کھلا ہوا ہے، جتنی ضرورت ہوگی رقم فراہم کی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ توسیع وتعمیر کے سلسلے میں فنی ماہرین، مالیات سے متعلق اور انتظامی امور میں کوئی بھی رکاوٹ انشاء اللہ نہیں آئے گی، اس وقت یہ سوال بھی تھا کہ عالمی سطح پر اقتصادی حالات جس تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں کیا سعودی عرب تنہا اتنا بڑا مالی بوجھ برداشت کر سکتا ہے، لیکن ملک فہد نے ان تمام امکانات اور اندیشوں کو پہلے ہی مرحلے میں یہ کہہ کر ختم کر دیا کہ یہ کام ہر قیمت پر انجام دیا جائے گا۔

توسیع کے پہلے مرحلے میں باب ملک عبدالعزیز سے باب العمرہ تک بیسمنٹ، انڈرگراؤنڈ اور پہلی منزل کی تعمیر کا مسئلہ اس طرح حل کیا گیا کہ سینکڑوں دوکانوں اور مکانات کو گراں قیمت دیکر خریدا گیا، اس کے بعد کھدائی کرکے انڈرگراؤنڈ ٹریفک کا راستہ بنایا گیا، اس کے نیچے سیور کی لائن ڈالی گئی، نیز سیلابی پانی کی نکاسی کے لئے الگ سے پائپ ڈالے گئے، اسی طرح ایرکنڈیشن اور روشنی کا نظام، نیز آگ بجھانے کے لئے پانی کے لئے پانی کے پائپ بچھائے گئے، انڈرگراؤنڈ جو کمرے بنائے گئے ان میں ایک کمرہ مائک کے لئے، دوسرا برقی نظام کو کنٹرول کرنے کے لئے، تیسرا ایئرکنڈیشن اور چوتھائی وی کوریج کے لئے کنٹرول روم کے طور پر، پورے حرم میں جگہ جگہ کیمرے لگائے گئے ہیں جو چوبیس گھنٹے حرم کی صورت حال کی تصویر لے کر کنٹرول روم کے ذریعہ مرکزی دروازوں پر لگے سرخ اور سبز اور نارنگی رنگ کی شکل میں صورت حال کی رپورٹ دیتے ہیں، اس کی بنا پر گیٹ پر متعین محافظ فیصلہ کرتے ہیں کہ نمازیوں کو اندر جانے دیا جائے یا نہیں۔

ایئرکنڈیشن کے لئے ایک مستقل عمارت باب عبدالعزیز سے ساڑھے چار سو میٹر کے فاصلے پر اجیاد میں چھ منزلہ ہے، جس میں ٹھنڈا کرنے کی ۳۲ یونٹیں ہیں جو ایک وقت میں بارہ ہزار ٹن ٹھنڈی ہوا مہیا کرتے ہیں یہ ہوا ملک فہد سے متعلق حصے میں چوکور ستونوں میں موجود جالیوں سے نکلتی ہے۔

دوسرے مرحلے کی توسیع میں بیسمنٹ کی وسعت اٹھارہ ہزار میٹر مربع بلندی ۴،۳ میٹر، پہلی منزل کی وسعت بیس ہزار میٹر بلندی ۹،۸ میٹر ہے۔

اس طرح پورے حرم مکی کی وسعت تین لاکھ چھتیس ہزار تین مربع ہوئی، اس سے پہلے ایک لاکھ ترپن ہزار میٹر مربع اسکی وسعت تھی، نئی توسیع میں ایک لاکھ باون ہزار نمازوں کے لئے جگہ بنائی گئی، مجموعی طور پر پورے حرم مکی یں اندر اور چھت پر کل ملا کر سات لاکھ ستر ہزار نمازیوں کے لئے جگہ ہوگئی، ورنہ پہلے صرف تین لاکھ چالیس ہزار نمازی نماز ادا کرتے تھے۔

ایک منزل پر ۵۳۰ ستون مربع شکل میں ہیں دوسری توسیع میں مزید دو منارے، تین گنبد اور ایک بڑا دروازہ ملک فہد کے نام سے، اس کے علاوہ تین بڑے دروازے باب ملک عبدالعزیز، باب العمرہ اور باب السلام کے نام سے ہیں۔

باب الملک فہد مرکزی دروازہ ہے، اس کے علاوہ اس کے اٹھارہ دروازے اور بھی ہیں جو دوسرے توسیعی منصوبے میں بنائے گئے ہیں، پورے حرم مکی میں تمام دروازوں کی تعداد ایک سو بارہ ہے، یہ تمام دروازے اعلیٰ درجہ کے ساگوان اور پیتل سے بنائے گئے ہیں۔

حرم مکی میں شمالی اور جنوبی حصوں میں تو برقی زینے ہیں، ان کے علاوہ چاروں طرف مستقل زینے ہیں، پورے حرم مکی میں برقی پنکھوں کی تعداد بارہ سو بانوے ہے۔

حرم مکی - اعداد وشمار کی روشنی میں

مستقل زینے	:	۱۳
برقی زینے	:	۷
مناروں کی تعداد	:	۷
مناروں کی بلندی	:	۹۰ میٹر

حرم مکی کے انتظامی شعبے

حرم مکی کا برقی نظام

روشنی

مائک

ٹیلیفون

پیشگی وارننگ سسٹم

اندرونی ٹی وی کوریج

خودکار مشین نظام

گھڑی کا نظام

نمازیوں کے لئے قالینوں کے بچھانے کا نظم

برقی نظام کی نگرانی کا نظام

زمزم کو ٹھنڈا کرنے اور اس کی تقسیم کا نظام

برقی زینوں کی نگرانی

صفائی کا نظام

حرم کے محافظوں کا نظام

فائر بریگیڈ کا نظام

سیلابی پانی کی نکاسی کا نظام

حرم مکی کی دوسری توسیع پر کل ستر ارب ریال خرچ ہوئے، ۱۹۹۱ء سے ۱۹۹۸ء تک کے عرصہ میں حرم کے باہر دس لاکھ نمازیوں کے لئے گنجائش پیدا کی گئی، اس میں تقریباً اٹھائیس ہزار مربع میٹر جگہ نمازیوں کے لئے نکالی گئی اس پر ایسے سنگ مرمر بچھائے گئے ہیں جو آفتابی کرنوں کو جذب کرتے ہیں، اور ٹھنڈا رکھتے ہیں، ۱۹۹۴ء میں صفا پہاڑی کی طرف توسیع کی گئی اس طرح ۱۹۹۶ء میں مروہ میں توسیع کی گئی۔

۱۹۹۸ء میں مقام ابراہیم کے اوپری حصے کو تبدیل کرکے سونے، کرسٹل اور بلوری شیشے کا استعمال کیا گیا اس تجدید سے شیشہ اور سونا دونوں کے اندر حرارت اور دباؤ کو جذب کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

☆☆☆☆☆

برصغیر میں عربی صحافت کے امین - محمد الحسنی مرحوم

حیات وخدمات کے آئینے میں

از.............................محمد سلمان خاں ندوی

خاندانی پس منظر اور نشو ونما:

مولانا محمد الحسنی مرحوم ایسے خانوادۂ علم کے چشم وچراغ ہیں جس کی خدمات صدیوں پر محیط ہے، آپ کے علمی وتربیتی نشو ونما میں خود خاندانی وموروثی اقدار کا بڑا دخل ہے، آپ کے عم محترم مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندویؒ آپ کے اتالیق ومربی رہے، خود آپ کے والد ماجد بزرگوار ڈاکٹر سید عبدالعلی حسنیؒ کا آپ کی تعمیری وتربیتی اصلاح میں نمایاں مقام رہا، چنانچہ آپ کی تربیت اور علمی ماحول نے ان کے اندر اسلامی افکار واقدار کا عشق ان کے دل میں پیدا کردیا، علم وادب سے گہرا لگاؤ پیدا کیا۔

آپ کے والد ماجد نے تعلیم وتربیت کے لئے بالکل نیا دینی نصاب اور کورس تیار کرایا چنانچہ اس وقت کی رائج مصری کتابوں کو پڑھایا جس میں حکایات الاطفال خاص طور پر قابل ذکر ہے، لیکن مصری مدارس کا نصاب بچوں کے ذہن ودماغ کے لئے کسی طرح مفید نہیں تھا، کیونکہ اس کی بیشتر حکایات اسلامی عقائد واحکامات سے متصادم تھیں، خود ڈاکٹر صاحب کو اس کا احساس تھا کہ ایسا عربی نصاب تیار ہو جو بچوں کے دل ودماغ میں انبیائے کرام کی عظمت، صحابہ اور سلف صالحین کی محبت جاگزیں کرسکے، چنانچہ ڈاکٹر صاحب نے اپنے چھوٹے بھائی مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ کو ایسے نصاب کی تیاری کے لئے آمادہ کیا، آپ نے بالکل نئے انداز سے اس نصاب کی تیاری کا بیڑ اٹھایا اور القراءۃ الراشدہ وقصص النبیین کی صورت میں وہ نصاب تیار کیا جو اسلامی ادب کا نمائندہ اور اسلامی روح کا ترجمان تھا اور جو عالم اسلام کے لئے ایک تحفہ ثابت ہوا اور مدارس وکالجز میں ان کتابوں کو عزت واحترام کے ساتھ داخل کیا گیا۔

مولانا محمد الحسنیؒ کی تعلیم وتربیت کے تشکیلی عناصر

مولانا محمد الحسنیؒ نے تفسیر، حدیث، فقہ اسلامی کے منتخب ابواب پڑھے، ساتھ ہی عربی ادب، نحو وصرف کی کتابوں سے ضروری قواعد پڑھے، انشاء کی مشقیں مولانا ثانی حسنیؒ، مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی حفظہ اللہ سے کیں، اسی طرح اردو وانگریزی میں بھی نئے انداز سے تیاری کی، ترجمہ نگاری میں ایسی مہارت پیدا کی اور قلم کی روانی ایسی بڑھی کہ عم مکرم مفکر اسلام مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندویؒ کی تحریروں کے مثل آپ کی تحریریں ہوگئیں، اور آپ کو مفکر اسلام کا ثانی کہا جانے لگا۔

غرضیکہ مولانا محمد الحسنیؒ نے مدارس کے نظام سے آزاد رہ کر تمام علوم وفنون کی تیاری کی، اور زمانے کے ماہرین فن اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کیا، اسی طرح آپ نے آزاد مطالعہ کرنا شروع کردیا، اور دارالعلوم ندوۃ العلماء کے کتب خانہ میں روزانہ گھنٹوں بیٹھ کر آپ سید قطب شہید، امام غزالی، ڈاکٹر احمد امین مصری، احمد حسن زیات، مصطفی لطفی منفلوطی، امیر شکیب ارسلان، طٰہٰ حسین جیسے بلند پایہ ادباء ومصنفین کی کتابوں کا مطالعہ کرتے، اور ان کا انداز واسلوب نگارش اپنی عبارتوں میں نقل کرنے کی کوشش کرتے۔

آپ نے عالم اسلام کے مرد آہن سید حسن البناء الشہید، سید قطب الشہید کی تحریوں کو حرز جاں بنایا، اور اس وقت کے عالم عربی سے شائع ہونے والے ہفت روزہ، پندرہ روزہ، ماہنامے جیسے کہ الهلال، الجمهورية، الشباب العربي، الأزهر، الدعوة، المنهل، الاسلامی، اور المجتمع کا پابندی سے مطالعہ کرتے۔

آپ کے ذاتی مطالعہ اور عالم اسلام کے احوال کا بغور مطالعہ نیز نئے حالات کا جائزہ لیتے رہنے سے آپ کے اندر بلندیٔ فکر اور نتائج اخذ کرنے کی ایسی صلاحیت پیدا ہوگئی کہ بڑے بڑے اہل فکر بھی ان کے افکار کو قدر ومنزلت کی نگاہ سے دیکھنے لگے۔

میدان صحافت کی قیادت:

آپ میدان صحافت میں عہد جوانی ہی سے داخل ہوگئے، اور عصر حدیث کا کوئی ایسا موضوع نہیں تھا جس پر آپ کا قلم نہ اٹھا ہو، آپ نے ہر موضوع کو اسلامی نقطہ نظر سے پیش کیا اور اس کا اسلامی حل بھی ذکر کیا، اسی کے پیش نظر آپ نے مجلۃ البعث الاسلامی کا اجراء کیا۔

مصطفی کمال پاشا نے جب جدید قومیت "القومية العربية الجديده" کی بنا ڈالی تو آپ کی تحریروں پر مصر میں پابندی عائد کردی گئی، اور مصری سفارت خانہ سے بواسطہ حکومت ہند ایک تعزیری ہدایت نامہ بھی آپ کے پاس پہونچا، اور حکومت ہند نے بھی مصری حکومت سے تعلقات

بھانے کی خاطر مجلہ "البعث الاسلامی" پر پابندی لگانا چاہا، لیکن آپ اس سے قطعاً متاثر نہ ہوئے، چنانچہ آپ نے اسی صحافتی میدان کے ذریعہ عالمی شہرت حاصل کرلی، آپ صرف عالم اسلام کی تحریکات ہی سے نہیں بلکہ عالمی تہذیب وثقافت مختلف علمی، دینی، سیاسی وثقافتی تحریکات، مادی وغیر مادی تحریکات سے بھرپور واقف تھے، ایسا محسوس ہوتا ہے کہ انہوں نے براہ راست مشاہدہ کیا ہو، اور ان کے محاسن وعیوب ان کی نگاہوں میں ہوں، آپ نے عربی پر مکمل عبور حاصل کیا، انگریزی زبان سے بھی مکمل واقف تھے، اور انگریزی اخبارات وجرائد کا مسلسل مطالعہ کرتے رہے تھے۔

آپ مضامین وموضوعات پر تنقید وتبصرہ کے ساتھ ساتھ مسائل کا حل اور اس کا علاج بھی پیش کرتے، ایک ذمہ دار ادیب کا فرض بھی یہی ہے کہ وہ حالات کا جائزہ لے اور صحیح نتائج اخذ کرے، وہ اپنے قارئین کو دوراہے پر نہ چھوڑے، اور نہ ہی ان کے فرائض اور ذمہ داریوں کی صراحت کے بغیر ان کے جذبات واحساسات کو سرد ہونے دے، مولانا محمد الحسنیؒ کا قلم دوسرے ادباء اور انشاء پردازوں کی طرح محض بے باک نہ تھا، بلکہ باوقار اور سنجیدہ بھی تھا، آپ کے مضامین فکر واسلوب کی پاکیزگی، لطافت ونزاکت ورفعت کے ساتھ ساتھ اسلامیات پر لکھنے والوں کے لئے سرمایۂ ہدایت وبصیرت ہیں۔

مولانا محمد الحسنیؒ پختہ فکر، وسیع متوازن اور ذمہ دارانہ تحریر کے مالک تھے، آپ نے صحافت کی جانب طلباء علوم دینیہ کی توجہ مبذول کرائی، اسلامی صحافت کا مقام ومرتبہ اور موجودہ زمانہ میں اس کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں "طلبہ خاص طور پر اس امر کے محتاج ہیں کہ وہ عربی صحافت پر زور دیں، اسلامی اور عربی صحافت کی سب سے بڑی ذمہ داری ہے کہ ہم اس کے اطراف وجوانب کا جائزہ لیں، اس کا اولین فرض ہے کہ ماضی کے اوراق گم گشتہ تاریخ کا اعادہ کریں، اور ماضی میں اسلاف کے کارناموں کو اجاگر کریں، ملک وملت کے رہبروں اور قائدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس ضمن میں اپنی ذمہ داریاں سمجھیں اور ایک پلیٹ فارم پر متحدہ ہوکر اسلام کی نشاۃ ثانیہ کی کوشش کریں"۔

دعوت اسلامی کا دائرہ عمل

آپ نے تعلیم وتربیت اور مستقبل کے باشعور اور ذمہ دار افراد ڈھالنے کا ایک وسیع خاکہ پیش کیا۔ آپ دعوت جہاد وتربیت کی کوششوں کے بارے میں بڑے پُر امید تھے، دوسری طرف اللہ سے غایت درجہ ڈرنے والے اور پرہیزگار تھے۔

آپ نے اسلامی دعوت کے کاز کو بڑھانے کے لئے صحافت اور نشر واشاعت کو اپنا میدان عمل بنایا اور اس پر ساری توجہ مرکوز کردی، آپ کے جوش وولولہ اور لگن کا اندازہ اس سے لگایا جاسکتا ہے کہ بیک وقت چار رسالوں میں آپ نے اپنی زندگی کے آخری ایام میں بہت ہی پراثر وپرجوش مضامین لکھے، آپ نے جلسے جلوس اور کانفرنسوں سے گریز کیا، بڑی بڑی کانفرنسوں میں شرکت کے دعوت نامے ملے لیکن آپ نے اس سے گریز کیا اور معذرت کردی۔

مولانا محمد الحسنی اس صحافت کے قائد تھے جو نہایت سنجیدہ اور عیوب سے پاک ہو اور نہایت ٹھوس اور مضبوط دلائل اس ضمن میں آپ ذکر کرتے، آپ کے مقالات مختلف موضوعات پر مشتمل ہوتے جن میں علم وادب، دین وسیاست وثقافت سب ہی شامل ہوتے اور وہ "البعث الاسلامی" کی زینت بنتے۔

مولانا کی تحریروں کا صحافتی عکس:

آپ نہایت صاف پیرائے میں ہر موضوع کا ذکر کرتے، اور ہر مشکل کا اسلامی حل تلاش کرتے، اپنے مضامین میں عرب کا بالخصوص ذکر کرتے کیونکہ وہی مبدأ رسالت ہیں اور اسلام کے نشر وفروغ میں ان کا نمایاں کردار ہے، آپ کی نظر دوررس خیالات عمیق اور دل نباض تھا، وہ پاکیزہ معاشرے کے لئے صالح وپاکیزہ خاندان کی تشکیل اور اصلاح باطن ضروری سمجھتے تھے، اس ضمن میں آپ تحریر فرماتے ہیں:

"خارجی دنیا کبھی نہیں بدلا کرتی ہے، پہلے خیالات بدلتے ہیں، عقیدہ بدلتا ہے پھر اس تبدیلی کے نتائج زندگی کے پردے پر ظاہر ہوتے ہیں ایک جگہ اور تحریر فرماتے ہیں "اسلام ایک آفاقی مذہب وہ دین فطرت ہے، مذہب خاص وعام ہے، مذہب عقل وفکر ہے، اسلام کلمہ حق ہے، اسلام کلمہ نصیحت ہے، اس وقت دونوں کے لئے ہاتھ مساوی اور میزان متوازن ہوجاتا ہے"

تعلیم وتربیت کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے رقمطراز ہیں "آج ہمیں پھر ایمان کی ضرورت ہے جس کا مسالہ اینٹ، پتھر اور فولاد نہیں تعلیم وتربیت ہے"

مولانا محمد الحسنیؒ کے زور قلم اور دعوت فکر وعمل کی بلندی کا ذکر کرتے ہوئے مفکر اسلام حضرت مولانا سید علی میاں ندوی تحریر فرماتے ہیں:

"خاندان علم اللہی کے اس گوہر شب چراغ نے زندگی کے صرف چوالیس بہاریں دیکھیں لیکن اپنے زور قلم سے دعوت وفکر اسلامی کے میدان میں وہ کام کیا جو بعض اسلامی داعیوں اور اس میدان میں کام کرنے والوں کے لئے مشکل ہوتا ہے، سحر سامری کے طلسم کو پاش کرنے میں ان کا بڑا حصہ ہے، انہوں نے اپنے پرزور مضامین اور طاقت ورداریوں سے دلوں کی سرد انگیٹھیوں کو گرم کیا، آنکھوں کو نم کیا، اور میدان عمل میں حرکت پیدا کی"

ان کے ادبی شہ پارے آج بھی ادب عالی کا نمونہ سمجھے جاتے ہیں، آپ کو مستقل تصنیف وتالیف کے مواقع کم ملے ورنہ ان میں ایک کامیاب اور مثالی مصنف کی صلاحتیں موجود تھیں آپ کی فنکاری کا سب سے عمدہ نمونہ "الاسلام الممتحن" ہے اسی طرح آپ کی سیرت مولانا محمد علی مونگیری، تذکرہ شاہ علم اللہ، پیام ندوۃ العلماء اور روداد چمن عرصہ تک باقی رہنے والی کتابیں لکھیں۔

مولانا محمد الحسنیؒ کی تحریروں کے عربی صحافت پر اثرات:

مولانا محمد الحسنیؒ صرف ایک عربی صحافی کی حیثیت سے متعارف نہ ہوئے، بلکہ آپ نے عربی صحافت کو عوام کے ذہنوں سے قریب کرنے اور اسے رابطہ کی زبان بنانے میں نمایاں کردار ادا کیا آپ نے "البعث الاسلامی" کے افتتاحیوں میں ہر موضوع پر قلم اٹھایا، آپ کی ادبی لطافت وبلاغت نیز زبان وبیان کی رعنائی نے پورا حق ادا کیا، اور اہل زبان سے اپنی عربی صحافت کا لوہا منوالیا، آپ کے بلیغ فکری مضامین عرب ادباء ومصنفین کے نزدیک کافی مقبول ہوئے، آپ نے علم ومعرفت، زبان وادب، دعوت اسلامی، غرض کہ ہر موضوع پر قلم اٹھایا، اور اس کا حق ادا کردیا، زمانہ کے چیلنجز کا صرف سامنا ہی نہ کیا بلکہ اس کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، نامساعد حالات میں بھی آپ کا جوش ایمانی ماند نہ پڑا، آپ نے جو زمانہ پایا وہ جنگ آزادی کا آخری دور تھا، اس وقت ملک میں ایک انقلابی ادب پروان چڑھ چکا تھا، آپ نے تمام تر فنی قلمی ولسانی کوششیں اس لڑائی کو آخری درجہ تک اور سامراجی واشترا کی طاقتوں کو زیر کرنے اور ملک کو آزاد کرانے کی خاطر صرف کیں۔

☆☆☆☆☆

قارئین کرام سے

قارئین تعمیر حیات کو عید کی مبارک۔ تعمیر حیات کا یہ شمارہ ۲۵ اکتوبر اور ۱۰ نومبر پر مشتمل ہے، قارئین کرام اور ایجنٹ حضرات اس کو نوٹ فرمالیں (ادارہ)

ندوی فرزندان سے ایک اہم گذارش

۱۰ اکتوبر کے شمارہ میں "ندوی فضلاء کی خدمت میں" کے عنوان سے ایک معلوماتی فارم شائع کیا گیا ہے، اس شمارہ میں بھی اس کو شائع کیا جارہا ہے، براہ کرم اس فارم میں مطلوب معلومات دفتر معتمد تعلیمات ندوۃ العلماء کو ارسال کرنے کی زحمت فرمائیں، اس فارم کی فوٹو کاپی کرالیں۔

دوسری گذارش یہ ہے کہ آپ کے ہم عصر، ہم درس اور دوستوں میں سے جو ندوی فضلاء وفات پا چکے ہیں ان سے متعلق اگر مستند معلومات آپ کے پاس ہوں تو وہ بھی اس فارم کے ذریعہ ارسال فرمانے کی زحمت فرمائیں، تاکہ یہ معلومات رکارڈ میں محفوظ ہوجائیں اور ندوۃ العلماء کی علمی جدوجہد کی تاریخ مرتب کرنے میں ان سے مدد ملے۔

ہول سیل ڈیلر

سیل، ٹارچ وپارٹس، ٹارچ بلب، گیس مینٹل، لالٹین، لیمپ وپارٹس، گیس لائٹر، تالے، چھری وغیرہ

سنسار لائٹ کمپنی، باغ گونگے نواب، امین آباد، لکھنؤ

Ph.:(O)2627645, 2617003
9335901987 شاہد الٰہی
9935236166 عابد الٰہی
9335025584 انس الٰہی

(بقیہ صفحہ ۹).....مگر بسا اوقات ذرا سی چوک سے بڑے بڑے ڈھیر ذخیروں بلکہ گاؤں وبستیوں کو جلا کر خاک کردیتی ہے۔

جو تاثیر ماچس کی تیلی میں ہوتی ہے بعینہ یہی تاثیر بلکہ اس سے بڑھ کر بعض اعمال میں ہوتی ہے۔ لہٰذا رمضان کے بعد کی زندگی اور خصوصاً آقا کے اعلان معافی کو سن کر اپنی زندگی زیادہ احتیاط اور تقویٰ کے ساتھ گذارنے کی ہمت وحوصلہ کرنا چاہئے، رمضان کے بعد والی زندگی میں صاف عیاں ہونا چاہئے کہ ہم نے رمضان سے پورا پورا فائدہ اٹھایا ہے۔

یہ یاد رہے کہ جس آقا نے رمضان المبارک میں اپنی رحمتوں اور بخششوں کی جھڑی لگا رکھی تھی اس کے خزانۂ قدرت میں کچھ کمی نہیں آگئی ہے، کہ رمضان کے بعد داد ودہش سے ہاتھ روک لے اور سنبھال سنبھال کر خرچ کرے اسکا دریائے رحمت بعد میں بھی کھلا رہتا ہے اور لینے والوں کے لئے کچھ کمی نہیں ہوتی، یہ بڑی غلطی ہوگی کہ آدمی اب اگلے رمضان تک اپنے کو آزاد سمجھے، یہ رمضان المبارک کی روح اور تقاضے کے سراسر خلاف ہے، یہ سمجھ لینا کہ رمضان میں بہت کچھ کمالیا، اب اگر نمازوں میں وہ اہتمام نہ ہو اور حرام وحلال میں فرق واحتیاط کا دھیان وخیال نہ ہو تو بندے کا طرز عمل آقا کو ناراض بھی کرسکتا ہے کہ اس کی ذات بڑی غیور ہے لہٰذا اس کی پوری فکر ہونی چاہئے کہ رمضان کے بعد کی زندگی آقا ہی کی مرضی کے مطابق گزرے، اگر ایسا کیا گیا تو خیر وبرکت کا سلسلہ اب بھی جاری رہے گا، اور آفات وبلیات سے حفاظت رہے گی، ایمان واسلام کی بچی روح اپنا کام کرتی رہے گی ورنہ ہماری مثال عرب کی اس عورت کی سی ہوگی جو سوت کاتتی پھر اس کو کھول دیتی، یعنی اپنے کئے کرائے کو ملیامیٹ کردیتی، اللہ تعالیٰ نے اس کو یاد دلا کر فرمایا کہ دیکھو تم نہ ایسے بنجانا، "ولاتکونوا کالتی نقضت غزلها بعد قوة انكاثا"۔

☆☆☆☆☆

اہل کلیسا کی بدعنوانیاں

از .... سلمان نسیم ندوی

اہل کلیسا کی بدعنوانیوں پر سے پردہ سب سے پہلے قرآن نے اٹھایا: ﴿إن كثيراً من الأحبار والرهبان ليأكلون أموال الناس بالباطل﴾ ترجمہ: اہل کتاب کے اکثر علماء و مشائخ، لوگوں کے مال باطل طریقوں پر کھاتے اڑاتے رہتے ہیں، پاپاؤں اور پادریوں نے معاشرہ میں جو اپنی حیثیت بنا رکھی تھی اس پر بلیغ، معنی خیز اور جامع تبصرہ کرتے ہوئے قرآن نے کہا: ﴿اتخذوا أحبارهم ورهبانهم أرباباً من دون الله﴾ ترجمہ: انہوں نے اللہ کے ہوتے ہوئے اپنے علماء اور اپنے مشائخ کو بھی پروردگار بنا رکھا ہے۔

یہ آیتیں اہل کلیسا کی پوری تاریخ اور تصویر پیش کر دینے کے لئے کافی ہیں، بعد کے ادوار میں یورپین مورخین نے کلیسا کی بدعنوانیوں پر جو کچھ لکھا ہے وہ قرآن کے تاریخی حقائق کی توضیح و تشریح سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا، یورپ مذہبی، اخلاقی، تمدنی، سیاسی، ہر حیثیت سے جن گندگیوں میں مبتلا تھا اس کی تفصیل اردو میں لیکی کی تاریخ "اخلاق یورپ" (مترجمہ مولانا عبدالماجد دریابادیؒ) کے مطالعہ سے معلوم ہو سکتی ہے، لیکی کے علاوہ ڈریپر بل مین اور دوسرے بیشمار مصنفین میں سے جس نے بھی مسیحی قوموں کی تاریخ، پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں لکھی ہے، سب ہی نے اسی داستان کو اپنے اپنے رنگ میں دہرایا ہے، ڈریپر کے الفاظ ملاحظہ ہوں "یہ وہ زمانہ تھا، کہ کلیسائے عیسوی کا شیرازہ پادریوں کے حب جاہ اور خباثت نفس کی وجہ سے پراگندہ ہو رہا تھا، اجتہادات کو شان اجتماع بخشنے کے بہانے سے اکثر کونسلوں کے اجلاس منعقد ہوتے تھے لیکن انعقاد کا اصل مقصد پوشیدہ رکھا جاتا تھا، بسا اوقات ان کونسلوں میں جبر، ارتشا، بددیانتی کا سماں نظر آتا تھا، مغرب میں بطریق کا عہدہ دولت و تمول، عیش و عشرت اور شکوہ و طمطراق کا ایسی نیت آزما ترغیبات پیش کرتا تھا کہ اس عہدہ پر کسی پادری کے نامزد ہوتے وقت خونریز ہنگاموں کا واقع ہونا مساوات ہو گیا تھا...... یہ تمام فرقے عقائد میں اگرچہ ایک دوسرے کے حریف تھے، لیکن ایک بات قدر مشترک کے طور پر ایسی تھی، جس پر ان سب کا اتفاق تھا، اور وہ بات تھی، آپس کی باہمی نفرت و عداوت، جس نے ہر فرقہ کو دوسرے فرقہ کی جان کا دشمن بنا رکھا تھا، (معرکہ مذہب و سائنس: مترجمہ مولانا ظفر علی خاں۔ ص: ۱۵۰)

لیکی کے بیانات کا نمونہ بھی قابل ملاحظہ ہے "کلیسا کی اشاعت بربریوں کے درمیان ہو رہی تھی، جنہیں علم و تمدن سے کوئی مس نہیں تھا، ظلم و جبر، مکر و فریب، آوارگی و اوباشی کی وہ گرم بازاری تھی کہ آدمی ان کی داستانیں پڑھتے پڑھتے اکتا جاتا تھا، ملکہ فریڈیگونڈ و ملکہ برنہاٹ کا نمبر اپنی خوں آشامیوں اور ہوسناکیوں کے لحاظ سے ایک سے بڑھا ہوا تھا، اور خیر یہ دونوں تو ملکہ تھیں، ہر طبقہ نے فسق و فجور و سیہ کاری کو اوڑھنا بچھونا بنا رکھا تھا...... غرض اس زمانہ کی تاریخ کے جس صفحہ کو ہم کھولتے ہیں ہر جگہ ظلم و شقاوت، سفاکی و فحش، بدچلنی و شہوت پرستی کے مناظر سے دوچار ہونا پڑتا ہے" (تاریخ اخلاق یورپ، جلد ۲/ ۱۵۰)

چوتھی صدی عیسوی کی ابتدا تک عیسائیت ایک مغلوب و مقہور مذہب کی حیثیت رکھتی تھی، اس دور کو عیسائی مؤرخین دور ابتلاء (Aje of Perscation) کے نام سے یاد کرتے ہیں، اس عرصہ میں عیسائیوں پر سیاسی طور پر رومی مسلط تھے اور مذہبی طور پر یہودی، ۳۶۰ء عیسائیت کی تاریخ کا بڑا خوشگوار سال ہے، اس لئے کہ اس سال شاہ قسطنطین اول روم کا بادشاہ مقرر ہوا، اس نے عیسائی مذہب قبول کر کے عیسائیت کو استحکام بخشا، ۳۱۳ء سے لیکر ۵۳۹ء تک عیسائی مذہب سلطنت روما پر چھا گیا، اس عہد کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں عیسائیت دو سلطنتوں مشرق و مغرب میں بٹ گئی، جس کی وجہ سے آپسی انتشار و افتراق اور جور و ستم کے ایک نئے عہد کا آغاز ہوا، ۸۰۰ء سے لیکر ۱۵۲۱ء تک کا زمانہ قرون وسطی کا زمانہ کہلاتا ہے، اس زمانہ کی بنیادی خصوصیت وہ خانہ جنگی ہے جو پاپاؤں اور شہنشاہ وقت کے درمیان عرصہ تک جاری رہی اور سیاست و مذہب کی کشمکش نے ہزاروں لوگوں کی قربانی لے لی۔

صلیبی جنگوں کے بعد پوپ کا اقتدار کافی حد تک کم ہونے لگا تھا، لیکن پوپ انوسینٹ چہارم کے زمانہ سے اس کا اثر رسوخ باقاعدہ گھٹنے لگا، اس کی وجہ یہ تھی کہ انوسینٹ چہارم نے اپنے عہدے سے ناجائز فائدہ اٹھا کر اس منصب کو سیاسی اور دنیوی مقاصد کے لئے استعمال کرنا شروع کر دیا، اس کے زمانے میں مغفرت ناموں کی تجارت عام ہو گئی، اور مخالف فرقوں کے افراد کو زندہ جلا کر اذیت رسانی کی انتہا کر دی گئی، بعد کے پاپاؤں نے ان بدعنوانیوں کو انتہا تک پہونچا دیا، اسی دوران پوپ بونیفس ہشتم نے شاہ ایڈورڈ اول اور فرانس کے شاہ فلپ چہارم سے زبردستی دشمنی ٹھان لی، جس کے نتیجہ میں روما کی سلطنت سے ۷۱ رسال (۱۳۵۰ء تا ۱۳۷۶ء) تک پاپائیت کا بالکل خاتمہ ہو گیا، اس عرصہ میں پوپ فرانس میں رہتے رہے...... پھر ۱۳۷۸ء

سے ۱۴۱۳ء تک ایک نئی مصیبت یہ کھڑی ہو گئی کہ عیسائی دنیا میں ایک کے بجائے دو پوپ منتخب ہونے لگے جن میں سے ہر ایک اپنے اقتدار اعلیٰ کا دعویدار تھا، اور باقاعدہ کارڈینلوں کے ذریعہ منتخب ہوتا تھا، ایک پوپ فرانس، اسپین اور نیپلس کے علاقوں میں منتخب کیا جاتا تھا، جسے 'ایون پوپ' کہتے تھے اور دوسرا اٹلی، انگلینڈ اور جرمنی کا تاجدار ہوتا تھا جسے 'رومن پوپ' کہا جاتا تھا۔ (عیسائیت کیا ہے؟ مولانا تقی عثمانی۔ ص: ۷۵)

تاریخ میں یہ بھی مذکور ہے کہ دو پاپاؤں کے درمیان کشمکش اور ان کی بدعنوانیوں سے خود عیسائی دنیا اس قدر بیزار تھی کہ انہوں نے پاپاؤں کی اس کشمکش کے خاتمہ کے لئے ایک بحری ڈاکو جان بست سوم کو پوپ نامزد کیا لیکن وہ بھی اس کشمکش کو فرو نہ کر سکا بلکہ اس کے بجائے عیسائی دنیا میں اب دو کے بجائے تین پوپ کا انتخاب ہونے لگا اس طرح اہل کلیسا کی بدعنوانیوں اور ان کے افتراق و انتشار مزید اضافہ ہو گیا۔

پاپائیت کی بدعنوانیوں کے خلاف سب سے مؤثر آواز ۱۴۸۳ء میں پروٹسٹنٹ فرقہ کے بانی مارٹن لوتھر کی بلند ہوئی، سوئزرلینڈ میں زونگلی (Zwingli) نے لوتھر کے آواز میں آواز ملائی، اور ان کے بعد ۱۶ویں صدی میں کی ابتداء میں جان کالون نے اس تحریک کو ہوا دی اور آخر کار اس تحریک نے اتنا زور پکڑا کہ پروٹسٹنٹ کیتھولک چرچ کا مضبوط مدمقابل بن گیا۔

اگر کلیسا کی تاریخ، اس کے عروج و زوال، انتشار و افتراق، گروہی منافرت اور پاپائیت کی ظلم و تعدی اور بدعنوانیوں کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت کھلتی چلی جاتی ہے کہ عیسائیت آج جہاں تک پہونچ چکی ہے، اور اس مرحلہ تک پہونچنے میں اس نے جتنے مراحل طے کئے ہیں وہ سب "عمل" اور "رد عمل" کا نتیجہ ہیں، اور یہ رد عمل ہمیشہ اہل کلیسا کے اُس رویہ اور فکر کی نتیجہ میں پیش آیا جس رویہ اور فکر میں کھلی ہوئی انتہا پسندی، تشدد اور غلو پایا جاتا تھا، "رہبانیت" کلیسا کی تاریخ میں ایک اہم موڑ ہے لیکن یہ بھی در حقیقت رد عمل ہے مال و زر میں اہل کلیسا کی اس حرص و آز کی جس کو قرآن نے ایک تاریخی حقیقت کے طور پر بیان کیا ہے، یورپ کے جن مفکرین نے "عقلیت" (Rationalism) کا نعرہ لگایا، اور وہ عقلیت پرستی میں اتنا آگے نکلے کہ بائبل اور دین و مذہب تک ان کی عقلیت پرستی کا نشانہ بننے سے محفوظ نہ رہی، یہ "بے لگام عقلیت" بھی در اصل پاپاؤں کی علم دشمنی، فکر و نظر پر ہر قسم کی پابندی اور بدعنوانیوں کا رد عمل تھی، اس عقلیت پرستی کی انتہا اور انجام الحاد، شک و ارتیاب، بلکہ کھلا خدا کا انکار کی صورت میں ظاہر ہوا اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں تھی۔

اس "عقلیت" کا رد عمل دو طرح سے سامنے آیا، ایک تو مرعوبیت کا آئینہ دار تھا جس کو تجدد (Modrenism) کا نام دیا گیا اور دوسرے اس کے برخلاف تھا جس کو اس تجدد کا رد عمل بھی کہا جا سکتا ہے، یعنی "احیاء" کی تحریک (Catholic Revivel movement) رومن کیتھولک مذہب کو از سر نو زندہ کرنے کی دعوت دی گئی۔

اسلام اور دیگر مذاہب و نظریات اور نظامہائے زندگی میں یہ بنیادی فرق ہے کہ اسلام کے مسلمہ اور بنیادی اصول حالات کا رد عمل نہیں بلکہ ایک طے شدہ نظام کے مطابق منزل ہیں جبکہ دوسرے اصول وقتی تحریک اور رد عمل کا نتیجہ ہیں، اسی لئے اس کی کامیابی اور بقاء و سرگرمی بھی اسی تحریک اور رد عمل کی زندگی سے مربوط ہے، اس کے خاتمہ کے بعد وہ نظریہ اور وہ اصول بھی دم توڑ دیتے ہیں، وہ زمانہ کا ساتھ نہیں دے سکتے، اسلام اور دیگر نظریات میں یہ چیز مابہ الامتیاز ہے۔

یہ درست ہے کہ مسلمانوں میں بھی بہت سے نظریات، اختلاف آراء، اجتہادات پر ماحول کی تبدیلی اور وقت کے تقاضوں کی رعایت کا پرتو نظر آتا ہے لیکن ایک انصاف پسند شخص بجا طور پر یہ محسوس کر سکتا ہے کہ یہ تاثر فروعی مسائل میں ہے نہ کہ مسلمہ اصول اور قواعد میں۔ جبکہ دیگر مذاہب میں اس کا دائرہ عقائد، اصول اور مسلمات تک وسیع ہو گیا ہے۔

اسی عمل اور رد عمل میں اہل کلیسا نے ظلم و تعدی کی وہ داستان رقم کی جو بے نظیر ہے، یاد رہے کہ یہ ظلم و ستم کی داستان خود اہل کلیسا کے درمیان رقم ہوئی، ورنہ صلیبی جنگوں میں اہل کلیسا نے مسلمانوں پر، اور استعماری دور میں دیگر اقوام پر جو ظلم ڈھائے وہ ایک الگ اور طویل داستان ہے، لیکی نے اہل کلیسا کے ظلم و ستم پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے:

"اس حقیقت کو ذہن نشین رکھنے کے بعد یہ سمجھنا چاہئے کہ مسیحی علماء نے جو تعدی برتی وہ بعض حیثیات سے تمام دیگر تعدیوں سے ممتاز ہے، جس استقلال، قوت و بانضباطگی کے ساتھ یہ جاری رہی اس کے لحاظ سے یہ اپنی نظیر آپ ہے اس کا دائرہ محض اعمال و کردار تک محدود نہیں رہا بلکہ معتقدات تک اس کی زد میں تھے اور یہ صرف جائز و مباح ہی نہیں بلکہ فرض بھی گئی، اس کے وجوب و قطعیت پر فقیہوں نے ایک پورا لیٹریچر تیار کر دیا ہے اور اس کی تائید پر وہ سب فرقے متحد ہو گئے جو خود باہم سخت مختلف الرائے رہا کرتے تھے" (تاریخ اخلاق یورپ، جلد ۱، ص: ۳۳۵)

لیکی کا یہ تبصرہ یقیناً اہل کلیسا کی ماضی کی بدعنوانیوں پر ہے، لیکی نے اس کے اسباب کا بھی جائزہ لیا ہے، لیکن عصر حاضر میں کلیسا کی بدعنوانیوں میں بدترین اضافے ہو رہے ہیں جن کو مستقبل میں لیکی جیسا کوئی مورخ ہرگز نظر انداز نہیں کرے گا، اور شاید لیکی کی طرح اس کو اسباب تلاش کرنے کا موقع نہ ملے گا جس سے وہ ان کے جرم کو کم کرنے کی کوشش کرے، یہاں پر عصر حاضر میں اہل کلیسا کی بدعنوانیوں کے چند نمونے پیش کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

☆ جنسی سوداگرت، جس کو عیسائی مشنری کی

دنیا میں شہنشاہ کے لقب سے پکارا جاتا تھا،وہ واقعۃً شہنشاہ تھے،تین عالیشان محل،پرائیوٹ جہاز،دینی اداروں کے کھربوں کے املاک واوقاف پر مکمل تصرف کا اختیار اور کیلیفورنیا میں ایک مخصوص ''آرام گاہ''، بس!ایسی کچھ چیزیں ان کی ملکیت تھیں،لوگوں کے قلب ودماغ کو مسخر کرنے کا فن بھی ان کو خوب آتا تھا،یہی سواگرٹ اپنی جس تقریر میں جب چاہتے حاضرین کو رلا سکتے تھے،ان کے پروگرام دنیا کے تقریباً ۵۰؍ملکوں میں نشر ہوتے تھے،ان کے چاہنے والے کروڑوں میں شمار ہوتے تھے،ان کے دینی پروگرام کے لئے ان کے پاس جمع ہونے والی سالانہ آمدنی تقریباً ۱۵۰؍ملین ڈالر تھی،ان کے تدین اور اصول پسندی کا یہ عالم تھا کہ ایک مرتبہ ان کے جگری دوست جیم بیکر اور ان کی اہلیہ کا کوئی اسکینڈل سامنے آیا اس وقت انہوں نے دینی اصول واقتدار کے پاس ولحاظ میں اپنی دوستی قربان کردی،اور یہ بیان دیا کہ ''جیم بیکر عیسائی معاشرہ میں کینسر کی حیثیت رکھتا ہے'' جب تک کہ جیمی سواگرٹ نے بیکر کو اس کے عہدہ سے مستعفی نہیں کرادیا تب تک چین سے نہ بیٹھے،یہی وہ باتیں تھیں جس نے کروڑوں لوگوں کا ان کا گرویدہ اور عقیدمند بنا دیا تھا،لیکن اس عقیدت کا بُت اس وقت پاش پاش ہوگیا جب میڈیا نے پادری موصوف کی جنسی بے راہ روی اور بدعنوانی کا انکشاف کیا،۷؍مارچ ۱۹۸۸ء میں امریکی میگزین ''ٹائم'' نے اس واقعہ کی رپورٹنگ کرتے ہوئے لکھا ہے ''بلاشبہ یہ تاریخ کا سب سے دلچسپ ڈرامہ تھا،۵۲؍سالہ جیمی سواگرٹ جن کو مشنری پروگراموں کا شہنشاہ سمجھا جاتا تھا،ٹیلویزن پر پوری دنیا کے سامنے کھڑا اپنی بدعنوانی کی معافی مانگ رہا تھا''

ایک خاتون صحافی نے اس واقعہ پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا: ''کیا اب جیمی سواجرٹ کبھی لوگوں کو زنا اور بدکاری کے خلاف نصیحت کر سکے گا حالانکہ وہ خود ایک عرصے سے اس بے راہ روی کا شکار ہے''۔

☆عیسائی مشنری کی دنیا میں جیم بیکر کا نام غیر معروف نہیں ہے،ابتداء میں یہ ایک واعظ تھا،۱۹۶۵ء میں وہ ایک نشریاتی ادارہ سے منسلک ہوا،۱۹۷۴ء میں اپنا ایک دینی ادارہ {Praise The Lord (PTL)} کے نام سے قائم کیا،پھر اس نے اپنی بیوی جو پہلے ایک رقاصہ تھی،کی مدد سے دینی پروگرام پیش کرنا شروع کیا،۱۳،۵؍ملین خاندان اس پروگرام سے مستفید ہوتے تھے،ان کی سالانہ آمدنی تقریباً ۱۲۹؍ملین ڈالر تھی،اگرچہ مالی تصرفات کے سلسلہ میں یہ دونوں شوہر بیوی شک کے دائرہ میں تھے،لیکن ان کا ستارہ اس وقت گردش میں آیا جب بیکر کے اپنی سیکریٹری کے ساتھ سات سالہ غیر قانونی جنسی تعلقات کا پردہ فاش ہوا،بیکر نے جب تاویلات کے ذریعہ بچنے کی کوشش کی تو انکشاف ہوا کہ اس سیکریٹری کے ساتھ صرف بیکر نہیں بلکہ اس کے کئی ملازمین بھی عرصے سے ملوث تھے،ایک خادمہ نے یہ بیان دیا کہ ایک مرتبہ پادری موصوف نے مادرزاد ننگے ہوکر انہیں جنسی عمل کی دعوت دی تھی،جب تفتیش کا دائرہ وسیع ہوا تو یہ بھی پتہ چلا کہ ۲۶۵؍ہزار ڈالر سکریٹری کو صرف منھ بند رکھنے کے لئے دیا گیا تھا،مزید تحقیق وتفتیش سے یہ بات بھی سامنے آئی کہ پادری موصوف نے جس دینی نشریاتی ادراہ کو قائم کیا تھا،دراصل اس کی تاسیس کا مقصد ہی کچھ اور تھا اور (P T L) کا فل فارم (People That Lorve) یا نیوز ویک کے مطابق اس کا مطلب (Pass The Loot) تھا،پادری موصوف کی اہلیہ ڈرگس کی عادی پائی گئی،تحقیق نے یہ بھی انکشاف کیا کہ دراصل دونوں میاں بیوی اس ادراہ کے ذریعہ اپنے اس خواب کی تکمیل کرنا چاہ رہے تھے جس میں ۲؍بلین ڈالر کی ضرورت تھی۔

☆کیتھولک چرچ کے پادری ''ڈونالڈ بانکر یک'' جو کیلی فورنیا میں اعتماد اور عزت کا نگاہ سے دیکھا جاتا تھا اس نے تقریباً ۳۰؍بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کا اقرار کیا۔

☆کیتھولک چرچ کے پادری ''نیکولاس اجیسولار'' کو اس وقت لاس انجلس سے فرار ہونا پڑا جب ان کے خلاف ۲۶؍بچوں کے والدین نے بچوں پر جنسی زیادتی کا مقدمہ دائر کیا،لاس انجلس ٹائم نے اس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ بچوں کے والدین کا دینی اداروں پر سے اعتماد اٹھتا جارہا ہے۔

☆جون انجبرز ریاست لویزانا کے پادری کے فرائض انجام دے رہے تھے کہ اچانک ان پر ۵؍عورتوں نے الزام لگایا کہ جب وہ چھوٹی تھیں اس وقت اس پادری نے ان کو اپنے جنسی ہوس کا شکار بنایا تھا،جب پادری کو خطرہ کا احساس ہوا تھا وہ اپنا عہدہ چھوڑ کر اپنے ملک فرار ہوگیا۔

ایک رپورٹ کے مطابق صرف پچھلے ۴؍سالوں میں مختلف پادریوں کے خلاف ۱۳۵؍ایسے مقدمے دائر کئے گئے جن میں پادریوں پر بچوں کے ساتھ جنسی زیادتی کا الزام تھا۔

دور حاضر میں اہل کلیسا کی جنسی بدعنوانیوں کے یہ چند نمونے ہیں ورنہ اگر تلاش اور تحقیق کی جائے تو ایسے تکلیف دہ سیکڑوں واقعات ملیں گے،مالی بدعنوانی کا تو کیا پوچھنا!!! قرآن کا بیان گذر ہی چکا ہے،مالی بدعنوانیوں کی ایسی ایسی شکلیں اور اس کے لیے ایسے ایسے ہتھکنڈوں کا انکشاف ہو رہا ہے کہ جیسے یہ پاپائیت نہیں بلکہ ٹھگوں کا ٹولہ ہے،قرآن نے بھی تو کہا ہے کہ ﴿لیأکلون اموال الناس بالباطل﴾ لوگوں کا مال باطل طریقے پر کھاتے اڑاتے رہتے ہیں،''باطل'' کے دائرے کی وسعت کا اندازہ آپ خود لگا سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

آدمی نامہ

از.......................نظیر اکبرآبادی

مالکم لاترجون لله وقاراً وقد خلقکم اطواراً (سورہ نوح،۱۳-۱۴) تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ کی عظمت کے معتقد نہیں ہو حالانکہ اس نے تم کو طرح طرح سے بنایا ہے۔

''آدمی نامہ'' نظیر اکبرآبادی کی ایک مشہور ترین نظم ہے،اس کو پڑھ کر اردو داں شاعر کی ذہانت اور موزوئی طبع کی داد دیتے ہیں،لیکن شاید ہی کسی کا ذہن اس طرف منتقل ہوا ہو کہ عالم انسانیت کی کوئی حقیقت ایسی نہیں ہے جس کو خالق کائنات نے بتا نہ دیا ہو،اور انتہائی ایجاز کے ساتھ ایک آیت میں وہ سب کچھ کہہ دیا جو ہمارے بڑے سے بڑے ذہین اور فنکار ادا نہیں کر سکے،اوپر کی آیت دیکھئے اس میں فرمایا گیا ''خلقکم اطواراً'' تم کو طرح طرح سے بنایا،اس مختصر لفظ میں وہ سب باتیں آگئیں جو نظیر اکبرآبادی نے آدمی نامہ میں کہا ہے بلکہ اس سے کہیں زیادہ،کس کس طرح سے پیدا کیا،کن کن مراحل سے وجود انسانی کا ظہور ہوا،جہاں سب آنکھ والے ہوئے وہاں مادر زاد نابینا بھی ہوا،اور دوسرے عیوب کے ساتھ پیدا ہونے والے انسان دنیا میں موجود ہیں،اس ایک لفظ میں بنی نوع آدم کا ہر دور اور ہر طور سامنے آگیا،اس کی ایک چھوٹی سی مثال نظیر اکبرآبادی کی نظم میں پڑھئے،اگرچہ یہ نظم بہت پرانی ہے اور سیکڑوں بار لوگوں نے پڑھی اور سنی ہے مگر ''خلقکم اطواراً'' والی بات اس کی گہرائی اور وسعت،عمومیت اور شمولیت کو اس طرح کی پچاس نظمیں بھی ادا نہیں کر سکی ہیں، مگر افسوس کہ انسانی طبیعت عظمت خداوندی کی طرف کم مائل ہوتی ہے ''ومالکم لاترجون لله وقاراً'' تم کو کیا ہوا کہ تم اللہ کی عظمت کے معتقد نہیں ہو۔

نظیر اکبرآبادی کا آدمی نامہ پڑھئے اور دیکھئے کہ ایک لفظ ''اطـــــواراً'' کو انہوں نے کس کس طرح سے بیان کرنے کی کوشش کی ہے،پھر بھی وہ تمام باتیں نہ آسکیں جو قرآن کے ایک لفظ میں ہیں؟

دنیا میں بادشاہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی — اور مفلس وگدا ہے سو ہے وہ بھی آدمی
زردار بینوا ہے سو ہے وہ بھی آدمی — نعمت جو کھا رہا ہے سو ہے وہ بھی آدمی
ٹکڑے جو مانگتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ابدال وقطب وغوث ولی آدمی ہوئے — منکر بھی آدمی ہوئے اور کفر کے بھرے
کیا کیا کرشمے کشف وکرامات کے کیے — حتی کہ اپنے زور وریاضت کے زور سے
خالق سے جا ملا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خدائی کا — شداد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا
نمرود بھی خدا ہی کہتا تھا برملا — یہ بات ہے سمجھنے کی آگے کہوں میں کیا
یاں تو جو ہو چکا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی ہی نار ہے اور آدمی ہی نور — یاں آدمی ہی پاس ہے اور آدمی ہی دور
کل آدمی کا حسن وقبح ہے یاں ظہور — شیطاں بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکروزور
اور ہادی رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

مسجد بھی آدمی نے بنائی ہے یاں میاں — بنتے ہیں آدمی ہی امام اور خطبہ خواں
پڑھتے ہیں آدمی ہی قرآن اور نمازیاں — اور آدمی ہی ان کے چراتے ہیں جوتیاں
جو ان کو تاڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی پہ جان کو وارے ہے آدمی — اور آدمی ہی تیغ سے مارے ہے آدمی
پگڑی بھی آدمی کی اتارے ہے آدمی — چلّا کے آدمی کو پکارے ہے آدمی
اور سن کے دوڑتا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

ناچے ہے آدمی ہی بجاتالیوں کو یار　　اورآدمی ہی ڈالے ہے اپنی ازار اُتار
ننگا کھڑا اچھلتا ہے ہو کر ذلیل وخوار　　سب آدمی ہی ہنستے ہیں دیکھ اس کو بار بار
اوروہ جو مسخرا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

چلتا ہے آدمی ہی مسافرہولے کے مال　　اورآدمی ہی مارے ہے پھانسی گلے میں ڈال
یاں آدمی ہی صید ہے اور آدمی ہی جال　　سچا بھی آدمی ہی نکلتا ہے میرے لال
اورجھوٹ سے بھرا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی ہی شادی ہے اور آدمی ہی بیاہ　　قاضی وکیل آدمی اور آدمی گواہ
تاشے بجاتے آدمی چلتے ہیں خوامخواہ　　دوڑے ہیں آدمی ہی مشعلیں جلا کے واہ
اوربیاہنے چڑھاہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی نقیب ہو بولے ہے باربار　　اورآدمی ہی پیادے ہیں اور آدمی سوار
حقہ صراحی جاتیاں دوڑیں بغلیں مار　　کاندھے پہ رکھ کے پالکی ہیں آدمی کہار
اوراس پہ جو چڑھا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

بیٹھے ہیں آدمی ہی دکانیں لگا لگا　　کہتا ہے کوئی لو کوئی کہتا ہے لارے لا
اورآدمی ہی پھرتے ہیں لئے سرپہ خوانچا　　کس کس طرح سے بیچتے ہیں چیزیں بنابنا
اورمول لے رہا ہے سوہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی ہی قہر سے لڑتے ہیں گھور گھور　　اورآدمی ہی دیکھ انہیں بھاگتے ہیں دور
چاکر غلام آدمی اور آدمی مزدور　　یاں تک کہ آدمی ہی اٹھاتے ہیں جاضرور
اورجس نے وہ پھرا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

یاں آدمی لعل جواہر ہے بے بہا　　اورآدمی ہی خاک سے بدتر ہے ہوگیا
کالا بھی آدمی ہے اورالٹا ہے جوں توا　　گورا بھی آدمی ہے کہ ٹکڑا سا چاند کا
بدشکل وبدنماہے سو ہے وہ بھی آدمی

اک آدمی ہیں جن کی یہ کچھ زرق برق ہیں　　روپے کے ان کے پاؤں ہیں سونے کے فرق ہیں
جھمکے تمام غرب سے لے تابہ شرق ہیں　　کمخواب تال شال دوشالو ں میں غرق ہیں
اورچیتھڑوں لگا ہے سوہے وہ بھی آدمی

حیران ہوں یارودیکھو تو کیا یہ سوانگ ہے　　اورآدمی ہی چور ہے اور آپ ہی تھانگ ہے
ہے چھینا جھپٹی اورکہیں مانگ تانگ ہے　　دیکھا تو آدمی ہی یہاں مثل رانگ ہے
فولاد سے گڑھا ہے سوہے وہ بھی آدمی

مرنے میں آدمی ہی کفن کرتے ہیں تیار　　نہلا دھلا اٹھاتے ہیں کاندھے پہ کرسوار
کلمہ بھی پڑھتے جاتے ہیں روتے ہیں زار زار　　سب آدمی ہی کرتے ہیں مردے کا کاروبار
اوروہ جو مرگیا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

اشراف اورکمینے سے لے کرشاہ تاوزیر　　ہیں آدمی ہی صاحب عزت بھی اورحقیر
یاں آدمی مرید ہیں اورآدمی ہی پیر　　اچھا بھی آدمی ہی کہا تا ہے اے نظیر
اورسب میں جو برا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

سیروسیاحت

تیسری قسط

تین دن آرزؤں اورحسرتوں کی سرزمین میں

از.........مولانا عیسیٰ منصوری (لندن)

آیا صوفیہ دنیائے عیسائیت کا عظیم روحانی ومذہبی مرکز:

ترکی کے تاریخی آثارکودیکھنے کی ابتداء سب سے مشہور جامع "آیا صوفیہ" سے کی، آیا صوفیہ قسطنطنیہ (استنبول) کے سلطان محمد فاتح کے ہاتھوں فتح ہونے تک عیسائیوں کا دوسرا بڑا مذہبی مرکز رہاہے، پانچویں صدی عیسوی میں عیسائی دنیا دو بڑی سلطنتوں مشرقی اور مغربی میں تقسیم ہوگئی تھی، آیا صوفیہ مشرقی عیسائیت یعنی ہولی آرتھوڈکس چرچ کا سب سے بڑا مذہبی مرکز تھا، جب کہ مغربی عیسائیت یعنی کیتھولک چرچ کا مرکز روم (اٹلی) رہا۔ درحقیقت حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر اٹھائے جانے کے بعد صدیوں تک عیسائیت، عابدوں، زاہدوں اورتارک دنیا درویشوں کا مذہب تھا، جوترک دنیا کرکے گرجا گھروں عبادت گاہوں اورغاروں میں عبادت وریاضت کرتے تھے تاآنکہ تیسری صدی عیسوی میں رومن بت پرست شہنشاہ قسطنطیہ نے عیسائیت قبول کرکے اپنی عسکری طاقت کے بل بوتے پرآناًفاناً پورے یورپ کا بلکہ دنیا کا سب سے بڑا مذہب بنادیا، تاریخی حقیقت یہی ہے کہ تلوار یاطاقت سے پھیلنے والا کوئی مذہب ہے تووہ عیسائیت ہے نہ کہ اسلام۔ اسی نے استنبول فتح کیاتھا جواس وقت بزنطیہ (Bazantia) کہلاتا تھااور اسے اپنا پایۂ تخت بنایا اوراس کا نام اپنے نام پر قسطنطنیہ رکھا۔ اسی نے روم (اٹلی) کے چرچ کی بنیادرکھی جوبعد میں مغربی کیتھولک عیسائیت کا عالمی مرکز بنا اوراس کا مذہبی پیشوا پوپ آج بھی کیتھولک عیسائیت کا سب سے بڑا مذہبی پیشوا ہے۔ مگر آیا صوفیہ کواس لحاظ سے روم (اٹلی) کے کلیسا سینٹ پیٹر پرفوقیت حاصل ہے کہ اس کی بنیاد روم کے کلیسا سے پہلے یعنی ۳۱۰ء عیسوی میں پڑی۔ اس کی تعمیر لکڑی سے ہوئی تھی جوآگ لگنے سے جل گیا تواس جگہ قیصر جسٹنین نے ۳۲۲ء عیسوی میں عظیم الشان پختہ عمارت تعمیر کی، جس وقت یہ چرچ (آیاصوفیہ) تعمیر ہوا، دنیا کی سب سے عظیم الشان عمارت تھی حتی کہ جب جسٹنین پہلی بار اس میں داخل ہوا تو اس کی زبان پر یہ مغرورانہ الفاظ آگئے کہ سلیمان میں تم پر سبقت لے گیا (تعمیر وتقدس میں بیت المقدس) پرایک ہزار سال تک آیاصوفیہ کلیسا کے طور پر ہی نہیں بلکہ پوری عیسائی دنیا کے مذہبی وروحانی مرکز کے طور پر مشہور رہی، حتی کہ سلطان محمد فاتح نے فتح قسطنطنیہ کے موقع پراس میں ظہر کی نماز پڑھی، اس وقت سے یہ جامع آیاصوفیہ کہلائی پھر صدیوں تک کی صیہونی صلیبی سازشوں کے نتیجے میں اتاترک نے ۱۹۳۴ء اسے بطور مسجد بند کرکے ایک میوزیم بنادیا اور جہاں نماز پڑھنا قانوناً ممنوع قرار دیا، اب یہاں غیرملکی سیاح نیم برہنہ خواتین گھومتی رہتی ہیں، حتی کہ محراب ومنبر میں اپنے اپنے کیمروں سے تصاویر کھینچتی پھرتی ہیں، انا للہ وانا الیہ راجعون۔

آیا صوفیہ ایک گہری صلیبی سازش کی زد میں:

اس سفر میں معلوم ہوا کہ یورپ نے ترکی کو یورپین یونین میں شامل کرنے کے لیے ایک اورتازہ شرط لگائی ہے کہ آیاصوفیا اسے واپس کیا جائے تاکہ اس میں دوبارہ عیسائیت کی دعوت واشاعت کا عالمی مرکز بناسکیں، اب یہ دعویٰ دنیا کے مختلف پلیٹ فارموں پر گونج رہا ہے اورانٹرنیٹ پر بھی تفصیلات موجود ہیں اوراس کے لیے دنیا بھر میں دستخطی مہم چل رہی ہے، اس تحریک کوپس پردہ امریکہ ویورپ کے حکمرانوں کی پشت پناہی حاصل ہے، صرف یہی نہیں بلکہ یورپ کے مطالبات تو آگے تک ہیں، مثلاً مغربی دنیا کا مطالبہ ہے کہ اگر یورپین یونین میں شامل ہونا ہے تو ہمیں مساجد کے میناروں والا استنبول قبول نہیں ہوسکتا ہے کہ ان میناروں کومنہدم کرنے کے لیے یورپ کوئی تخریبی کارروائی کا آغاز کرکے ورلڈ ٹریڈ سینٹر کی طرح اس کا الزام کسی اسامہ کے سرمنڈھ دے کیونکہ استنبول پہاڑوں پرآباد ہے، ہر بلندی پر مساجد کے اونچے اونچے مینار نظرآتے ہیں، ترکی میں مساجد کی ایک دونہیں پورے چار مینار ہوتے ہیں جو کفر کے کلیجے کو چھید کررکھ دیتے ہوں گے، مغرب کے اس مطالبے سے وہاں کے دینی ذہن رکھنے والے دوست کافی فکرمند وپریشان تھے، ہم نے کہا آپ حضرات بھی اسپین، مسجد قرطبہ، الحمراء اور دیگر بے شمار مسلم دور کی عمارات کو مسلمانوں کے حوالے کرنے کا مطالبہ عالمی طور پر بلند کریں۔

بقول اقبال:

ہے خاکِ فلسطین پہ یہودی کا اگر حق
ہسپانیہ پر حق نہیں کیوں اہل عرب کا

جامع سلطان احمد:

جامع آیا صوفیہ دیکھنے کے بعد مولانا سلمان صاحب نے کہا: ظہر کا وقت قریب ہے، "توپ کاپی سرائے" جانے سے قبل نماز ظہر پڑھ لیتے ہیں، آیا صوفیہ سے نکلتے ہی سامنے مسجد سلطان احمد ہے، یہ مسجد سلطان احمد نے سترہویں صدی عیسوی ۱۶۱۶ء میں عین آیا صوفیہ کے سامنے تعمیر کروائی تھی، چونکہ ترکی کی سب سے نمایاں عمارت عیسائیوں کے کلیسا کے طور پر تعمیر ہوئی تھی، سلطان محمد نے حکم دیا کہ ایک ایسی مسجد تعمیر کی جائے جو آیا صوفیہ سے زیادہ بلند اور پر شکوہ ہو، چنانچہ اس مسجد کی تعمیر نے واقعی آیا صوفیہ کو گرد کر دیا، یہ مسجد کیا ہے، ترکی فن تعمیر کا ایک عجوبہ ہے، اس میں داخل ہوتے ہی انسان اس کے شکوہ، جاہ وجلال اور حسن وجمال میں کھو جاتا ہے، اس طرح قدرت نے سلطان احمد کے ذریعہ آج کی اہم ترین ضرورت کا انتظام کر دیا ہے، کیونکہ یہ جگہ ترکی کی اہم ترین تاریخی آثار اور تفریح کی جگہ ہے یہیں آیا صوفیہ توپ کاپی سرائے اور بحر فاسفورس وغیرہ وغیرہ ہیں یہاں پر ہر وقت ہزارہا سیاح ہوتے ہیں، آیا صوفیہ کے میوزیم بن جانے کے بعد مسلمان سیاحوں کے لیے سب سے بڑا مسئلہ یہ درپیش ہوتا ہے کہ نماز کہاں پڑھیں؟ مسجد سلطان احمد میں ظہر کی نماز ادا کر کے مسجد کے امام سے ملاقات کی جو حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ اور تبلیغی جماعت سے نسبت کی بنا پر اسلام کے داعی ہیں، آیا صوفیہ اور مسجد سلطان احمد کے درمیان وسیع پُر فضا میدان کے ایک قہوہ خانے میں کافی پی کر تازہ دم ہوئے اور ساتھ میں واقع ترکی کے مشہور میوزیم کا توپ کاپی دیکھنے روانہ ہوئے۔

ترکی زبان میں سرائے محل کو اور کاپی دروازے کو کہتے ہیں، یعنی توپ دروازہ محل بازنطینی دور میں سینٹ رومانوس دروازہ تھا اور فتح کے بعد سلطان احمد فاتح اسی دروازے سے داخل ہوئے تھے بعد میں محل تعمیر ہوا تو سلطان فاتح کے دور سے آخری خلیفہ سلطان عبدالحمید تک عثمانی سلاطین کی رہائش گاہ رہا اور آج کل ترکی کا سب سے بڑا میوزیم ہے۔ یہ میوزیم اسلامی دنیا کا سب سے اہم میوزیم ہے اس میں داخل ہوتے ہی قصر محمد فاتح کی عمارت نظر آتی ہے اس کے صحن کے بیچوں بیچ فرش پر بڑا سا سوراخ ہے جو عرصے سے خالی پڑا ہے اس میں کبھی خلافت عثمانیہ کا سرخ ہلالی پرچم لہراتا تھا جو دنیا میں مسلمانوں کے غلبے اور عظمت وشوکت کی علامت تھا اس سے یورپ لرزہ براندام رہتا تھا، اس کے بعد سلطان عبدالحمید کے افسر مہمانداری کا دفتر ہے پھر نسبتاً کچھ بڑا، سلطان کی ملاقات کا کمرہ اور اس سے متصل سلطان کی خواب گاہ جہاں پرانے طرز کی مسہری بچھی ہوئی ہے۔ بڑی حیرت ہوئی، دنیا کے سب سے بڑے حکمراں کی خواب گاہ اس قدر چھوٹی اور سادہ، اس کے انداز تعمیر میں ٹھاٹھ باٹھ کا شائبہ تک نہیں اس کے مقابلے میں دنیا کے چھوٹے چھوٹے بادشاہوں ،مغرب کے لارڈوں (جاگیرداروں) کے محل اس سے کہیں زیادہ شان وشوکت والے ہیں۔ مگر کیا کریں انگریز نے ہم لوگوں کو اپنے سلاطین کو گالی دینا سکھا دیا ہے، توپ کاپی دنیا کا عظیم ترین نوادرات کا میوزیم ہے یہاں سینکڑوں سال کے نوادرات محفوظ ہیں، دنیا بھر کے خصوصاً یورپ کے حکمران عثمانی خلفاء کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے نہایت بیش قیمت تحفے بھیجا کرتے تھے۔ ہم لوگ جلدی جلدی میوزیم کے کمروں سے گزرے جہاں سلاطین عثمانیہ کے لباس، اسلحہ، زرہیں، برتن، بیش قیمت ہیرے جواہرات، ایران کے شیعی بادشاہ اسمٰعیل صفوی کا ہیرے جواہرات سے مرصع تخت وغیرہ دیکھتے ہوئے تبرکات کے کمرے میں پہنچے جہاں سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا جبہ مبارک آپ کی دو تلواریں، آپ کا علم (جھنڈا) جو بدر میں استعمال ہوا تھا، موئے مبارک، دندان مبارک، مقوقس شاہ مصر کے نام آپ کا مکتوب گرامی، مہر مبارک، خلفاء راشدین، حضرت خالد بن ولیدؓ، حضرت جعفر طیارؓ، حضرت عمار بن یاسرؓ کی تلواریں، بیت اللہ کا لکڑی کا دروازہ، حجر اسود کا سونے کا خول، کعبہ شریف کا قفل اور چابیاں، میزابِ رحمت کے ٹکڑے وغیرہ وغیرہ ہیں۔ زیارات سے اپنی آنکھیں ٹھنڈی ودل شاد کیا، یہاں ہمہ وقت ایک قاری نہایت خوش الحانی سے تلاوت قرآن میں مصروف رہتا ہے۔

عثمانی سلطنت کی سادگی وجفاکشی:

توپ کاپی سرائے دیکھ کر دو باتیں خاص طور پر محسوس کی پہلی یہ کہ خلافت عثمانیہ واحد سلطنت تھی جس کی مساجد شاہی محلات سے بیسیوں گنا زیادہ پر شکوہ، عالیشان اور مستحکم ہیں، عثمانی سلاطین کا یہ محل (قصر) اپنی شان وشوکت، بلندی اور تعمیر کے اعتبار سے مساجد سے بدرجہا کم بلکہ مساجد کے مقابلے میں بے حیثیت محسوس ہوتا ہے، توپ کاپی سرائے کا ایک حصہ

سلاطین کے اہل خانہ کی رہائش گاہ رہا ہے، جو حرم کہلاتا ہے حسب عادت حرم کے نام پر یورپین اقوام اسلام کو بدنام کرنے کے لیے کوشاں رہتی ہیں، جب کہ یورپ کے معمولی سے بادشاہ ہی نہیں جاگیرداروں (لارڈز) کے محلوں کے سامنے یہ دنیا کی سب سے بڑی امپائر کے محلات بے حیثیت نظر آتے ہیں، توپ کاپی سرائے کی دوسری بات یہ محسوس ہوئی کہ عثمانی سلاطین کی زندگیاں عام طور پر پروقار مگر سادگی کی حامل تھیں، ان میں زیادہ نمود ونمائش طمطراق اور کروفر نہیں تھا، توپ کاپی سرائے کی حیثیت پرانے زمانے کے وسیع مکان یا حویلی کی ہے، اس کی تعمیر میں کہیں محلاتی بلندیاں یا شان وشوکت نظر نہیں آتی، توپ کاپی کے آخری حصے میں چھوٹا صحن بحیرۂ باسفورس کے کنارے کھلی جگہ پر ہے، یہاں سے عمر فاروق صاحب نے گولڈن ہارن (شاخ زریں) کا وہ کنارہ دکھایا جن پر سلطان محمد فاتح نے اپنے جنگی جہاز چلا کر دوسری جانب سمندر میں اتارے تھے، یہ واقعہ کتابوں میں بارہا پڑھا تھا مگر اب آنکھوں سے دیکھا کہ بحیرۂ باسفورس اور شاخ زریں کے درمیان تقریباً دس میل طویل بلند وبالا پہاڑوں کا سلسلہ ہے، ان پہاڑوں پر سے راتوں رات جہازوں کو چڑھا کر دوسری جانب سمندر میں پہنچا دینا، اس قدر محیر العقول ہے جس کے تصور سے پسینہ آجاتا ہے، توپ کاپی دیکھنے کے بعد آیا صوفیہ مسجد سلطان احمد اور بحر باسفورس کے درمیان پرانی شہر پناہ (فصیل) پر سیاحوں کے لیے ایک خوبصورت ریسٹورنٹ ہے، وہاں خالص ترکی کھانے کھائے اور ترکی چائے پی کر عمر فاروق کے ساتھ ان کے دار الحکمت میں تھوڑی دیر قیلولہ کر کے عصر کی نماز پڑھ کر حضرت ابوایوب انصاریؓ کے مزار کی زیارت کے لیے روانہ ہوئے، جو ترکی میں ایک مسلمان کے لیے اہم جگہ ہے۔

میزبان رسول حضرت ابوایوب انصاریؓ کے مزار پر:

